# اپنے انجن
# سٹارٹ کریں



استاد کی کتاب

# اپنے انجن سٹارٹ کریں

کیا آپ روحانی دوڑ کے لئے تیار ہیں؟
۱ کرنتھیوں ۹:۲۴




چھٹیوں کے لئے بائبل سکول پروگرام 'بچے اہم ہیں' کی جانب سے

**تمام عمر کے لئے 'استاد کی کتاب'**

**Web:** www.ChildrenAreImportant.com/engines/

### Thanks to the whole "Children Are Important" team!

ایڈیٹر: Kristina Krauss

تخلیقی ٹیم: Abril Palacios Camacho, Areli Zuriel Salinas Sanchez, Dwight Krauss, Jennifer Sánchez Nieto, Julio Sánchez Nieto, Mike Kangas, Monserrat Duran Díaz, Suki Kangas, Verónica Toj, and Vickie Kangas.

اس پروگرام میں عمدہ موسیقی دینے کے لئے روبن  داریو کا شکریہ۔

مترجم ٹیم: alineviera, Annupama Wankhede, Anton Klymyk, Araz Mammadzadeh, Aroma Publications and Media, Arturo Jr Boron, Blessy Jacob, Carmela Dawn Flores, Chrisbresnahan, David Raju, Ephraim Njuguna Mirobi, Finny Jacob, Geenav, HamidReza Azimi (hamid.azimi1364 at gm#ail com), Heyaudrey, I-clever.com, iqbalman, Jacob Kuruvilla, kamilturk, Karunguru Mwangi, kiran, Maitrayi Mondal, Marco Chu, Marcos Rocha, Mathew Das, Mitesh Mandaliya, mrramlama, Mrs.Geethashree NavaneethaKrishnan, Nassim Bougtaia, nicbenk, Paul Mwangi, Paul Septan, Rana922, Rubina Rai, Safdar Khan, shahroshan15, Talento-Unido, ueritom, Verdia Juliansyah Cancerika, Yeoh Jung Chin, Zeina Mirella Barzaga Arencibia










## وی بی ایس میں خوش آمدید

## اپنے انجن سٹارٹ کریں!

بائبل کے مطابق ، یسوع مسیح کے ساتھ ہمارا چلنا ایک عام چیز یا موقع نہیں ہے؛ بلکہ یہ ایک دوڑ ہے! ہمیں اور بچوں کو جیتے کو کوشش ضرور کرنی ہے، اور اس دوڑ کو جیتنے پر ہمیں اس زمین پر ایک خوبصورت ٹرافی تو نہیں ملے گی جو الماری میں کھو جا ئے یا ٹوٹ جائے بلکہ ہمیں ایک ابدی انعام ملے گا:

'کیا تم نہیں جانتے کہ دوڑ میں دوڑنے والے دوڑتے تو سبھی ہیں مگر انعام ایک ہی لے جاتا ہے؟ تم بھی ایسے ہی دوڑو کہ جیتو ۔ اور ہر پہلوان سب طرح کا پرہیز کرتا ہے۔ وہ لوگ تو مرجھانے والا سہرا پانے کے لئے یہ کرتے ہیں مگر ہم اس سہرے کے لئے کرت ہیں جو نہیں مرجھاتا۔' ۱ کرنتھیوں ۹: ۲۴ سے ۲۵

گر ہم پورے طور سے اپنے ہر چیز کو ساتھ لیتے ہوئے مسیح یسوع کے ساتھ چلیں تو ہماری لئے ایک ابدی اجر ہے! اس پُر جوش اور تیز رواں وی بی ایس میں ، ہم موٹر سائیکل کی دوڑ ک مقابلہ دیکھیں گے جو مسیح کے ساتھ ہماری زندگی سے مشابہ ہے۔

کسی بھی موٹر گاڑی کی طرح، ایک موٹر سائیکل کو بھی ریس میں حصہ لینے کے لئے اپنی بہترین حالت میں ہونا چاہئے ورنہ وہ تباہ ہو جائے گی! اسی طرح، مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہمیں اپنی غلطیوں کو ماننے کی پریکٹس کرنی ہے اور ہر غلط کام کرنے پر پشیماں ہونا ہے۔ بائیک کو اس راستے میں تیز چلنے کے لئے نئے ٹائر وں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح ہمیں مسیح کی پیروی میں تابعداری کی ضرورت ہے۔ انجن کو ٹھنڈا رکھنے کے لئے یہ اہم ہے، ہمیں دوسروں کے لئے مسیح کئ محبت کو اپنے اندر رکھنا ہے تاکہ یہ ہمیں مسیح میں اپنے بھائیوں سے ساتھ پیدا ہونے والے مسائل سے دور رکھے۔ گیس پر چلنے والی موٹر کی طرح ہماری زندگیاں بھی مسیح کی طاقت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتیں ۔ اور آخر میں ، ا یک اہم موٹر سائیکل ریس میں ، گڑھوں میں لوگوں کی ایک ٹیم کے ساتھ ایسے سٹاپ ہونگے جو بائیک کا خیال رکھیں گے اور ریس کے دوران اسے بہترین حالت میں رکھیں گے۔ اس ٹیم کا انچارج ایک شخص ہوتا ہے جو ہ صرف گاڑی کی تکنیکی حالت کو دیکھتا ہے بلکہ ریس پر بھی دھیان رکھتا اور کسی رکاوٹ کی صورت میں ڈرائیور کو ہدایات دیتا ہے۔ ریس کے چیف کی طرح ، مسیح یسوع تمام چیزوں کی دیکھ بھال کرتا اور بطورِ ٹیم لیڈر ہماری رہنمائی کرتا ہے۔
آپ اور آپکی وی بی ایس ٹیم سٹیشن پر موجود خیالات لیتے ہوئے اپنی تقریب کا آغاز کر سکتی ہے، جیسے کہ ' گراج کرافٹ'، 'ریڈی سیٹ گیمز'، کھانے پینے کی چیزوں سے چیزیں بنانے کے خیالات، طالب علموں کے لئے دلچسپ سرگرمیوں کے ساتھ کتابیں اور ڈرائیونگ کلاس میں پزل۔ ڈرامے میں مکینک کے کردار سے ملیں۔ مزاحیہ سبق سکھائیں جو ریس کی مثال کو بائبل کی کہانیوں سے جوڑیں اور اشاروں کی زبان کے کچھ الفاظ سیکھیں تاکہ بچے اس سے لطف اندوز ہو پائیں۔ توجہ حاصل کرنے کے لئے ایک نیا دلچسپ طریقہ اختیار کیجئے اور اشاروں کے ساتھ گانا مت بھولئے! خدا کا کلام دوسروں تک پہنچانے کے لئے یہ وی بی ایس ایک اہم آلۂ ہے۔ پانچویں سبق میں ہماری نجات کے لئے یسوع مسیح کی موت کا ذکر ہے۔ بچوں کو اس بات کے لئے مدعو کرنا نہ بھولیں کہ وہ مسیح یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کریں!



'اس دوڑ میں صبر سے دوڑیں جو ہمیں درپیش ہے۔' عبرانیوں ۱۲ :۱

جب آ پ مسیح کو اپنی ٹیم کا سربراہ رکھتے ہوئے بچوں کو تابعداری، خاکساری اور محبت کے ساتھ مسیح کی پیروی کی تعلیم دیتے ہیں تو ہم آپ کے لئے خدا سے کثرت کی برکت مانگتے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ بہت سے بچے مسیح کو جانیں، اور یہ پوری کلیسیا کے لئے بہت برکت کی بات ہے۔ زوم، زوم!

بچوں کی تخلیقی ٹیم سے کثرت کئ برکت اہم ہے!







# اس وی بی ایس کا استعمال کیسے کیا جائے؟

### خصوصاً ڈائریکٹر کے لئے

بطور پروگرام ڈائریکٹر، ہم آپ کو تجویز کرین گے کہ کسی کلاس یا ٹیم کے لیڈر یا استاد نہ بنیں لیکن دوسروں کو ہر ایک کام میں انچارج بنائیں۔ اگر ذرائع میں کوئی کمی بیشی آ جائے، کسی بچے کے ساتھ کوئی حادثہ پیش آ جائے، کوئی استاد کھو جائے یا کسی سینئر پادری سے بات کرنے کی ضرورت ہو تو آپ کو بطور ڈائریکٹر اس کو دیکھنا ہے۔ آپ اپنا کام ٹھیک طور پر نہیں کر پائیں گے اگر آپ مرکزی پیغام کی تعلیم دینے یا کھانے پینے کی چیزیں بنانے میں مشغول ہو جائیں۔ کلیسیا میں موجود اپنے بھائیوں کے لئے باقی تمام کام چھوڑ دیں۔

### رضا کار

وی بی ایس میں اپنی مدد کے لئے لوگ تلاش کرنا سنڈے سکول میں ایسا کرنے سے ذیادہ آسان ہے کیونکہ وی بی ایس کے لئے صرف ایک ہی ہفتہ ہے۔ ذیادہ سے ذیادہ رضار کا روں کو شامل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ ایسا کرنے سے جماعت کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

ان اقسام کے کاموں کی تلاش کریں جنہیں سٹاف کر سکتا ہو۔ ایسا کرنے کے بعد ، ان لوگوں کے متعلق سوچیں جنکے پاس اس کام میں آپ کی مدد کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ ایسے لوگوں کا انتخاب کریں جو بچوں سے پیار کرتے ہوں اور جنکا کردار قابل بھروسہ ہو۔

اگلا قدم یہ ہوگا کہ وی بی ایس پر کسی مخصوص کام کو کروانے کے لئے براہ راست ان کے پاس جائیں ۔ ان کے ساتھ مسیح کے لئے آس پاس کے بچوں تک پہنچنے کی رویا شئیر کریں۔ اگر لوگوں کو ذاتی طور پر مدعو کیا جائے تو وہ اپنا وقت اور اپنی قوت صرف کرنے پر دلی رضامندی کا اظہار کرتے ہیں۔

### دعا

اپنے چھٹیوں کے بائبل سکول (وی بی ایس) کو دعا کے ساتھ شروع کرنے کی کوشش کریں۔ خدا کے پاس جانے کے لئے وقت نکالیں، اور اپنی تقریب کا انتظام کرنے کے لئے اس کی رہنمائی طلب کریں۔ ہفتے کے قریب آنے پر اپنی کسی قریبی دوست سے دعا کرنے کو کہیں ۔ اپنی ٹیم کو اکٹھا کریں اور اپنے پادری کے ساتھ دعا کریں۔

- وی بی ایس کے دنوں کے دوران دعا کرنے کے لئے لوگ تلاش کریں
- وی بی ایس آپ کی کلیسیا کے بچوں کو سکھانے کے لئے ایک اچھا موقع ہے اور خدا کے کلام کے پچار کا ایک بہترین آلہٰ۔ اس تقریب کے لئے دعا کی اہمیت کو ہلکا نہ لیں۔

’راستباز کی دعا کے اثر سے بہت کچھ ہو سکتا ہے۔‘ (یعقوب ۵: ۱۶)

### ٹریننگ

وی بی ایس میں شمولیت کرنے والے تمام لوگوں کے لئے ایک تربیتی سیشن منعقد کریں۔ اس دن میں آپ یہ بتائیں گے کہ پروگرام کیسے چلے گا اور لوگوں کو ان کی ذمے داریاں سونپیں گے۔

### تاریخ اور جگہ کا انتخاب

کلیسیا کے کیلنڈر کے مطابق مناسب تاریخ کا انتخاب کریں۔ ایک مرتبہ آپ کا اپنے پادری کیساتھ اس پر اتفاق ہو جائے تو اس بات کی تصدیق کیجئے کہ یہ تاریخ آپکی کمیونٹی میں ہونے والی دیگر سرگرمیوں کو متاثر نہ کرے۔ یہ لازمی نہیں ہے کہ آپکے چرچ میں ہی وی بی ایس ہو۔ آپکے پاس اس بات کا انتخاب بھی ہے اپنے کسی پڑوس کے پارک میں وی بی یس کروا لیں یا کسی عوامی جگہ پر جہاں بچوں تک رسائی ہو پائے۔ جگہ کا انتخاب کرتے ہوئے آپ کو جگہ کی صفائی اور آرائش کے لئے وقت بھی مقرر کرنا ہے۔

یہ پروگرام ۵ دن کے وی بی ایس پر تحریر کیا گیا ہے لیکن آپ اسے اپنی ضرورت کے مطابق ڈھال سکتے ہیں۔ یہ صرف ۳ دن پر مشتمل ہو سکتا ہے جس میں آپکے انتخاب کی بنیاد پرسبق ۱، ۴ اور ۵ شامل ہوں ۔ یہ مواد آپ کی سہولت کے لئے تیار کیا گیا ہے، ورنہ یہ لازمی اصول نہیں ہے۔







### اشتہار سازی

آپ تقریب سے ۴ سے ۶ ہفتے پہلے اشتہار کا آغاز کر سکتے ہیں۔ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ اس کا اعلان پلپٹ پر سے کیا جائے اور اس بات کا اظہار کریں کہ اس کی رویا کمیونٹی کے بچوں تک پہنچنا ہے۔

- چھٹیوں کا سکول کلام کے پرچار کے لئے بطور پہلا قدم ایک اچھی چیز ہے، چونکہ ہو سکتا ہے کہ لوگ بچوں کے ساتھ اتوار کو چرچ آنے سے ڈریں لیکن کسی کو بھی بچوں کو چھٹیوں کے دوران ایک ہفتے کے پروگرام میں بھیجنے سے کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔ ا سے وزٹ کرنے والی فیملی ، بلکہ بچوں کے والدین کو بھی یہ دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے ان کے بچے کیا کر رہے ہیں۔ یہ جماعتوں کو یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کن فیملیوں کو مدعو کریں۔
- لوگوں کو دعوت نامے، کتابچے وغیرہ تقسیم کرتے ہوئے، اشتہار سازی میں شامل ہونے کی دعوت دیں۔ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ کے پاس اشتہار سازی کا امواد کافی مقدار میں ہو۔
- چند پوسٹر مختلف جگہوں پر لگائیں (سٹور، عوامی جگہوں پر)۔ آپ ایک انعامی مقابلہ بھی ان لوگوں کے لئے رکھ سکتے ہیں جو ذیادہ سے ذیادہ مہمان وی بی ایس میں لائیں۔ (انعام رات کے کھانے کی صورت میں ہو سکتا ہے یا ٹوکن کی صورت میں)

### رجسٹریشن

اپنی تقریب سے پہلے ریجسٹریشن کی کوشش کریں۔ اس سے آپکو تقریب میں آنے والوں کی تعداد کا ایک اندازہ ہو جائے گا اور آپ کافی مقدار میں مواد رکھ پائیں گے۔ ایک ریکارڈ رکھنے سے آپکو بچوں اور فیملیوں کی فہرست تیار کرنے میں مدد ملے گی تاکہ مستقبل میں کلام کے پرچار کی دیگر تقریبات منقعد کی جا سکیں۔

### روٹیشن سٹیشن

اس وی بی ایس کو آپ اپنی مرضی کے مطابق استعمال کر سکتے ہیں لیکن یہ اس لئے تحریر کیا گیا ہے کہ اسے ۳ روٹیشن سٹیشن کے پروگرام کے ساتھ بیک وقت استعمال کیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ بچوں کو ۳ گروپوں میں تقسیم کرینگے او ر یہ گروپ تین سٹیشنوں میں گردش کرینگے ، بھلے ہی یہ سٹیشن ایک یہ مقس علاقے میں موجود ہوں۔ ہر سٹیشن کی معیاد ۲۰سے۴۰ منٹ ہے اور سٹیشن کو دہرایا جاتا ہے تاکہ ہر گروپ ہر سٹیشن پر دن میں ایک مرتبہ جا پائے۔ بچوں کو تقسیم کرنے کا آسان ترین طریقہ ان کے عمر کے مطابق ایسا کرنا ہے اور اس سے بچوں کی کتابوں میں بھی معاونت ملے گی:

- آسان (۴ سے ۶ سال)
- درمیانہ (۷ سے ۹ سال)
- مشکل (۱۰ سے ۱۲ سال)

آپکے پاس ایک اور ایڈوانس عمر (۱۳ سے اوپر کی عمر) گروپ ہے بصورت آپکے بڑے بچے وی بی ایس میں حصہ لینا چاہیں۔ آپ گروپ کو روٹیشن سٹیشن کے لئے تقسیم کر سکتے ہیں جس کی بنیاد ہر عمر کے گروپ میں موجود بچوں کی تعداد پر ہے یا پھر کسی کلاس یا کرافٹ سٹیشن پر جو دن کے اختتام پر کھیلوں کی سرگر میوں کے ساتھ ہوں۔

سٹیشنوں کے درمیان گردش کرنے کا ہمارا سب سے پسندید ہ طریقہ اس وقت موسیقی کا استعما ل ہے جب تبدیلی کا وقت ہو کیونکہ ایسا کرنے سے ان کے اندر بہت جوش آ جاتا ہے۔ سٹیشنز کے استعمال کی خوبصورت بات یہ ہے کہ اساتذہ کو بہت ذیادہ چیزیں تیار کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی لیکن وہ کلاس کا ایک حصہ تیار کرتے ہیں اور اسے ۳ مرتبہ دہراتے ہیں۔ (اس سے ہر استاد کے کام میں تھوڑی کمی آ جاتی ہے)۔



## گردش کی ترتیب

ایک  گروپ میں سب ملا کر:

- آغاز
- موسیقی
- ڈرامہ
- مرکزی پیغام
- آئس بریکر گیم
- بائبل کا سبق

گردش کے سٹیشن:

- سٹوڈنٹ بک سرگرمیاں
- دن کا خاص کرافٹ
- کھیل ( اور سب کے  ساتھ آخر میں ایک کھیل کھیلیں)

ایک گروپ میں سب ملا کر:

- کھانے کی چیز
- موسیقی
- اختتام




## روائیتی ترتیب

ایک  گروپ میں سب ملا کر:

- آغاز
- موسیقی
- ڈرامہ
- مرکزی پیغام
- آئس بریکر گیم

کلاس روم کے اوقات:

- بائبل کا سبق
- سٹوڈنٹ بکس
- کرافٹ
- کھانے کی چیز

کھیلوں کے لئے ب ملا کر:

- موسیقی
- اختتام

## آئس بریکر گیمز

آئس بریکر وہ مختصر کھیل ہیں جو آپ اپنے  طالب علموں کے ساتھ ان کے فارغ وقت  میں کھیل سکتے ہیں۔ اس سے  گروپ کی ترتیب میں رہتے ہوئے بچے ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل جاتے ہیں۔  آئس بریکر   سکھانے کے عمل میں تعاون اور شمولیت کو فروغ دیتے ہوئے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ پڑھائی کے لئے مثبت  طور پر حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور دیگر فوائد کے ساتھ چھوٹے گروپس میں بھی:

- نئے  گروپ کو ایک دوسرے کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔







- نئے ممبرز کو گروپ میں شامل ہونے میں مدد کرتا ہے۔

- جوان لوگوں کو ایک دوسرے کےساتھ گھلنے ملنے میں مدد کرتاہے۔
- حوصلہ افزائی کو فروغ دیتا ہے۔
- ٹیم ورک کو فروغ دیتا ہے۔
- نوجوانوں کو اپنے دائرے سے نکلنے میں معاون ہے
- سماجی صلاحیتیں پیدا کرتا ہے
- لیڈرز کے ساتھ تعلقات استوار کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- مل جل کر سیکھنے کا ماحول پیدا کرتا ہے

آپ کے طالب علم مرکزی پیغام کو سننے کے بعد فوری طور پر بائبل سے کہانی سننے میں دلچسپی کا اظہار نہیں کریں گے! یہ بولنے اور پرچار کرنے میں کافی بھاری اور تھکا دینے والا طریقہ ہوگا۔ ہم نے 'بات چیت' کو ہر سبق میں ایک آئس بریکر گیم کے ساتھ تقسیم کیا ہے۔ اس کھیل کو ہر روز اپنے طالب علموں کی توجہ مرکوز کروانے اور سیکھنے کے لئے استعمال کریں!

### کھیل

اس مواد میں سکول کے بچوں کے ہر سبق کے لئے دو کھیل دیے گئے ہیں۔ ایک کھیل ٹیم کے ساتھ اور دوسرا نفرادی ہے جس میں بچے ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے اور کوئی ایک بچہ فاتح ہوتا ہے۔ آپ وی بی ایس کو دلچسپ بنانے کے لئے کھیلوں کا استعمال کر سکتے ہیں تاکہ بچے ہر روز یہاں آنا چاہیں۔ اگر آپ چاہیں تو گروپس بنا سکتے ہیں اور جیتنے والی ٹیم کو پوائنٹس دے سکتے ہیں۔

# اضافی خیالات

### دروازے کی سجاوٹ

آغاز یا ختتام کی لائن پر اپنے کلاس روم کے درواز ےکی سجاوٹ کریں یا پھر اپنی کلاس روم کے ہر بچے کی نمائندگی کے ساتھ موٹر

## ٹریفک لائٹ

آپ خود اسے بنا سکتے ہیں ۔ آپکو بس اس کی ضرورت ہے:

-ایک کارڈ بورڈ باکس
-چند ڈبے
-اسے تھامنے کے لئے ایک چھڑی










## غبارے

ریس ٹریک کا ایک ماحول پیدا کرنے کے لئے کونز، ٹریفک لائٹس، ٹائرز یا آرکس سے مختلف غباروں کو سجا کر کلاس روم میں لگائیں۔







## کاغذ کے پردے

انہیں اپنی کھڑکی یا دروازے پر لگائیں



### کاغذ کے دائرے

مختلف سائزوں کا استعما ل کرتے ہوئے انہیں ان رنگوں یا ڈیزائن سے بنائیں جو آپ کو سب سے ذیادہ مناسب معلوم ہوں۔ .






### سٹریٹ سائنز

انہیں استعمال کرنے سے مزہ دوبالا ہو جائے گا اور ایک بہترین ماحول بن جائے گا۔




### موٹو موٹو سیلفی

بچوں کی تصاویر لینے کا یہ ایک بہترین موقع ہے۔




### موٹر سائیکل

آپ صرف کارڈ ورڈ باکس کا استعمال کرتے ہوئے ان سے کچھ بنا سکتے ہیں۔ .



### ٹائرز

آپ پرانے ٹائروں کا استعمال کرتے ہوئے ان سے کچھ بنا سکتے ہیں۔







# میرے گناہ کی پہچان



بائبل سے کہانی: پطرس توبہ کرتا ہے/متی ۲۶: ۶۹ سے ۷۵ ، یوحنا ۲۱

## آیت

’اگر اپنے گُناہوں کا اِقرار کریں تو وہ ہمارے گُناہوں کے مُعاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادِل ہے ۔‘
(یُوحنّا۱- ۱: ۹)

## ڈرامہ

### جھوٹا مکینک

•رومال کے ذریعے اپنے ہاتھوں سے گریس ہٹاتا ہوا اور اونچی آواز میں ہنستا ہوا ایک مکینک داخل ہوتا ہے ۔ وہ سوفے پر بیٹھتا اور کچھ پینا شروع کر دیتا ہے۔ وہ بچوں کو بتات ہے کہ اس کی زندگی کیسی ہے: وہ بہت اچھا مکینک ہے جسے کوگریزی کہتے ہیں۔ وہ بچوں کو یہ بھی بتاتا ہے کہ اس کی ایک خوبصورت بیوی ہے، ایک اچھی لیکن بات نہ سننے والی بیٹی، ایک بہت ہی اچھا سا تابعدار چھوٹا کتا اور یہ بھی ذکر کرتا ہے کہ وہ کہاں رہتا ہے (اپنے علاقے میں کسی شہر کا ذکر کر دیں)

•وہ پھر ہنستا ہے، وہ بہت خوش ہے اس لئے وہ بچوں کو بتانا چاہتا ہے کہ وہ کیوں خوش ہے۔ ۱۰ د ن پہلے کچھ ہوا؛ ایک کلائنٹ آئل چینج کے لئے کار لایا۔ اسے نیا آئل دینے کی بجائے جو بہت مہنگا اوربہترین ہے، میں نے اسے استعمال شدہ پھنکنے والا آئل دیا۔ اس نے سوچا کہ اس شخص کو علم نہیں ہو گا اور اُسے مزید پیسے مل جائیں گے

**قابلِ غور**

سپیکر: ’یہ ریس کا وقت ہے!‘
بچے: ’بیپ، بیپ! بیپ، بیپ! ‘(ہر بیپ پر مٹھی کو ہاتھ پر مارنا) ’اوہ‘ (بازو سیدھی نیچے جائیں اور اور ۳ مرتبہ اوپر جائیں) ’جی ہاں‘! (بازو آہستہ سے موٹر بائیک ہینڈل پوزیشن پر واپس جائیں)

•اس لمحے ایک غصے سے بھرا کسٹمر مکینک کی طرف بھاگا آتا ہے کہ وہ اسے خوب مارے۔ مکینک اچھل کر سوفے کے پیچھے چھپ جاتا ہے۔ دونوں اس لڑائی میں چیختے چلاتے ہوئے بچوں کے سامنے کچھ دیر بھاگتے ہیں، اور مکینک کہتا ہے کہ اس نے کچھ غلط نہیں کیا۔

•چیختا ہوا کسٹمر مکینک کو بتاتا ہے کہ اس کا انجن صبح خراب ہو گیا اور اسے چیک کرتے ہوئے سب نے کہا کہ اس کے خراب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کافی عرصے سے آئل چینج نہیں ہوا۔ اس کلائنٹ نے بہت یقین دلایا کہ آئل تبدیل ہوا ہے لیکن کسی نے یقین نہیں کیا کیونکہ آئل بہت پرانا تھا۔ وہ شخص مکینک پر چلاتا رہتا ہے اور اسے کہتا ہے وہ انجن تبدیل کرے۔ دونوں چیختے ہوئے باہر بھاگ جاتے ہیں۔ ایک استاد آ کر یہ کہتا ہے کہ ہم ’بعد میں اس کا اختتام دیکھیں گے‘۔

•کوئی اس اشارے کے پاس سے گزرتا ہے جو کہتا ہے ، ’بعد میں ۔۔۔‘۔ اب مکینک کلائنٹ سے ایک ندامت بھرے دل کے ساتھ داخل ہو تا ہے۔ گریزی اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ اس نے پرانا آئل استعمال کیا اور کسٹمر سے معافی مانگتا ہے۔ وہ نیا انجن دینے کی پیشکش کرتاہے، جو اس غلطی کے عوض ہے جو اس سے سرزد ہوئی۔

•کسٹمر مان لیتا ہے اور مکینک کو معاف کر دیتا ہے۔ اور گلے مل کر چلے جاتے ہیں۔ مکینک اپنے نئے کسٹمر کی کمر تھپتھپاتا ہے اور کسٹمر ذرا زور سے اس کی۔ تھوڑا سا گھبرایا ہوا لیکن ہنستا ہوا مکینک اسے ایک اور مرتبہ تھوڑی زور سے تھپکی دیتا ہے اور پھر کلائنٹ سے سے زور کی تھپکی دیکر جواب دیتا ہے۔ دونوں ہنسنے لگتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔

## پیغام

بچوں اس خاص وی بی ایس کے آغاز میں خوش آمدید، ’اپنے انجن سٹارٹ کریں‘!

آج ہم انجن میں آئل کی اہمیت کو دیکھیں گے۔ کسی موٹر سائیکل یا کار میں آئل کی بہت اہمیت ہے کیونکہ اگر آپ آئل کے بغیر اسے چلائیں گے تو انجن خراب ہو جائے گا! اور اس کی وجہ سے آپ کی گاڑی بالکل رک جائے گی۔ یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ ذرا کے کام پر دھیان نہ دینے پر آپ کو پورا انجن کھونا پڑے حالانکہ آپ کو صرف آئل چیک کرنا تھا۔ انجن والا آئل وقت کے ساتھ ساتھ ذیادہ گندا ہوتا جاتا ہے اور پھر ایک وقت میں پہنچ کر ہمیں اسے تبدیل کرنا پڑتا ہے اور نیا آئل ڈالنا پڑتا ہے۔ وقتاً فوقتاً، آئک چیک کرتے رہیں ، کبھی کبھی آپکو مزید خیدنا پڑے گا لیکن آپ اس وقت اور پیسے کے ضیاع سے بچ جائیں گے جو آپکو انجن کے خراب ہونے پر لگانا پڑے۔









بڑے گناہوں میں پھنس جانا ایسا ہی ہے جیسے ہم انی گاڑی کے انجن کو خراب کر لیں۔ بہت سے گناہوں کے بہت بڑے نتیجے ہوتے ہیں،  اس صورت میں بھی جب خدا ہمیں معاف کر دے۔  کچھ گناہ آپ کو لمبے عرصے تک جیل میں ڈال سکتے ہیں، کسی میں آپکی فیملی آپکو گھر سے نکال سکتی ہے،  اور دیگر میں آپکو سکول سے نکالا جا سکتا ہے۔ ان  بھاری قیمت والی غلطیوں سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہمیشہ چھوٹی باتوں پر ہی اپنی غلطی مان لی جائے۔

ظاہر ہے کہ کوئی  بھی نہیں ماننا چاہے گا کہ انہوں نے غلطی کی ہے۔ یہ ہماری انسانی  فطرت ہےکہ ہمیں ہمیشہ خود کو درست سمجھتے ہیں اور یہ کہ ہم کبھی غلطی نہیں کر سکتے۔  لیکن یہ درست نہیں ہے۔ ہم ہمیشہ غلطیاں کرتے ہیں، کچھ دوسری غلطیوں سے بڑی ہوتی ہیں۔  آج میں بائبل میں سے ایک شخص کے بارے میں سیکھیں گے، پطرس، جس نے ایک غلطی کی۔ وہ گناہ کرتے پکڑا گیا، اور اگر وہ ایسا کرنا جاری رکھتا تو وہ اپنی زندگی تباہ کر لیتا۔

اسکے برعکس، پطرس نے اپنا گناہ تسلیم کیااور خدا کے سامنے توبہ کی۔  ایا کرنے سے وہ زندگی کی دوڑ میں دوبارہ واپس آ گیا۔ پطرس خدا میں ایک زور آور شخص بن گیا۔ خدا آپ سے محبت کرتا ہے اور آپکی زندگی کے لئے اس کے خاص مقاصد ہیں۔ جیسے پطرس کے لئے تھے۔

لیکن مجھے اور آپکو اس ریس کو جیتنے کے لئے پطرس سے سیکھنا پڑے گا؛ منیں جب ہم غلط تھے اور توبہ کریں۔ جیتنے کے لئے ہمیں یہ ماننا ہے کہ ہم کامل نہیں ہیں لہٰذا ہم سے غلطیاں ہو سکتی ہیں۔ پھر ہم خدا کے سامنے اپنے گناہوں کو مان سکتے ہیں۔ وہ ہمارے گناہ  معاف کرتے ہوئے ہمیں صاف کرے گا اور اس سے خدا کی پیروی کرنا اور پاک رہنا آسان ہو جائے گا۔

لیکن چونکہ ہم کامل نہیں ہیں ہم دوبارہ گناہ کر کے اس عمل میں پڑ جاتے ہیں۔ ایک موٹر سائیکل کی طرح جسکے انجن میں نئے آئل کی ہمیشہ ضرورت ہوتی ہے، ہمیں بھی اپنے گناہوں کو خدا کے سامنے ہمیشہ تسلیم کرنا ہے۔ یہ ایک مرتبہ کہ بات نہیں ہے، لیکن یہ ایک ایسا مسلسل عمل ہے جسے ہمیں اپنانا ہے بصورت ہم ریس جیتنا چاہتے ہیں۔ میں نہیں کہہ رہا کہ نجات بار بار ملے گی، لیکن میں اپنی غلطی ماننے پر زور دے رہا ہوں۔ یہ عمل آپکے  'آئل' کو صاف رکھے گا اور آپ کو زندگی کی دوڑ میں آگے لے کر جائے گا!

## آئس بریکر گیمز

**فروٹ باسکٹ اپ سیٹ**

اس آئس بریکر میں ، سی بی  ایس میں حصہ لینے ولاے بچوں کے نام جاننے پر زور ہے؛  وی بی ایس میں   موجود تمام لوگوں کو   شامل کرنے کا عمدہ طریقہ۔
بچوں کو  قطار وں میں بٹھائیں  تو اس سرگرمی کو بہتر طور پر کیا جا سکتا ہے۔
ہر قطار میں موجود بچہ اونچی آواز میں اپنا نام لے گا۔  پہلی ور آخری قطار کو ان ناموں پر توجہ دینی ہے۔ استاد ایک بچے کی طرف اشارہ کر کے کسی پھل کا نام لینے کو کہے گا، مثلاً نارنجی، لیموں، کینٹالوپ،  تربوز یا پھلوں کی ٹوکری۔ اس بچے کو اپنے ساتھی  کا نام  بتانا ہے جو اس پھل کی طرف اشارہ کرتا ہو۔


**مثال:**

نارنجی: آپکی دائیں طرف کے ساتھی کا نام
لیموں: آپکے بائیں جانب کے ساتھ کا نام
کینٹا لوپ: اپنا نام لیں
تربوز:  سامنے والے بچے کا نام
فروٹ باسکٹ یا پھلوں کی ٹوکری: سب اپنی جگہ تبدیل کریں گے

آپ قطاروں کے درمیان  صحی لینے والے سٹاف یا بچوں کی طرف اشارہ کرنے کے لئے چل سکتے ہیں۔  سب سے مزیدار حصہ وہ ہے جب آپ کہیں 'فروٹ باسکٹ اپ سیٹ' اور سب کو اپنی جگہ سے ہلا دیں۔

## بائبل کا سبق

**پطرس توبہ کرتا ہے**



1۔  پطرس یسوع مسیح کا شاگرد تھا، اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ ایسا شخص تھا جو یسوع مسیح سے سیکھنے کے لئے ان کے پیچھے چلا۔  یسوع مسیح نے اپنے شاگردوں کو کہا، 'آو میرے پیچھے ہو لو'۔ پطرس یسوع مسیح سے بہت پیار کرتا تھا۔ وہ شاگروں میں سے پہلا شاگرد تھا جس نے اس سے کہا کہ، 'تو خدا کا بیٹا ہے'۔

شاگرد، کے لفظ پر:سامنے لاتے ہوئے اپنے ہاتھ بند کریں اور پھر نیچے لاتے ہوئے ان کو کھولیں۔











2۔ اپنے شاگردوں کے ساتھ ۳ سال رہنے کے بعد اس نے انہیں بتایا کہ اسے گرفتار کر لیا جائے گا اور موت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ یسوع مسیح نے اپنے شاگردوں کو یہ بھی بتایا کہ وہ بھاگ جائیں گے اور یہ کہیں گے کہ وہ اسے نہیں جانتے۔ پطرس نے کھڑے ہو کر کہا: 'میں ایسا کبھی نہیں کہونگا کہ میں تجھے نہیں جانتا'، اور باقی **شاگردوں** نے بھی ایسا ہی کہا۔

کبھی نہیں، کے لفظ پر اپنی بارو دائیں جانب گھمائیں اوراپنے ہاتھ کو آدھے دائرے میں گھمائیں۔




3۔ وہ تینوں چیزیں وقوع پذیر ہوئیں جیسا یسوع نے انہیں کہا تھا۔ سپاہیوں نے آکر مسیح کو گرفتار کر لیا۔ تمام شاگرد بھاگ گئے لیکن پطرس نے دور تک اس کا پیچھا کیا کہ دیکھے کہ اسکے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ جب سردار کاہن کے گھر میں یسوع مسیح کی تفتیش ہو رہی تھی، پطرس باہر آگ سیک رہا تھا کیونکہ بہت سردی تھی۔ تب اچانک ایک کنیز نے اس سے کہا، 'تو یسوع کے ساتھ تھا'، پھر پطرس نے جواب دیا، 'میں نہیں جانتا کہ تو کیا کہتی ہے'۔ ایک اور لڑکی نے ایک شخص سے اونچی آواز میں کہا: 'یہ یسوع مسیح کے شاگردوں میں سے ایک ہے'، اور پطرس نے کہا، 'میں نہیں ہوں'، (حالانکہ اس نے حال ہی میں کہا تھا کہ وہ اس کا انکار نہیں کریگا)۔ چند لمحوں بعد کسی اور نے کہا، 'مجھے یقین ہے کہ اس کے شاگردوں میں سے ایک ہو، تم گلیل سے ہو، ' پطرس نے چند برے الفاظ کے اور پھر کہا، 'میں نہیں جانتا کہ تمہارا کیا مطلب ہے۔'

میں نہیں جانتا، کے جملے پر: دہنی ہاتھ کی انگلی کو ماتھے پر رکھیں اور اسے اوپر کی طرف موڑیں۔



4۔ پھر اسی وقت ایک مرغ نے بانگ دی؛ پطرس کو تب یاد آیا کہ یسوع نے کیا کہا تھا، 'مرغ کے بانگ دینے سے پہلے تو تین بار میرا انکار کریگا'۔ پطرس نے رونا شروع کر دیا کیونکہ دیگر شاگردوں کی حاضر ہوتے ہوئے ان نے کہا تھا کہ وہ یہ کبھی نہیں کہے گا کہ وہ اسے نہیں جانتا۔ اور اب تیسری مرتبہ اس نے یہ کیا ہے۔ پطرس کو بہت افسوس ہوا۔ پطرس جانتا تھا کہ وہ غلط تھا۔ پطرس نے سوچا ہو گا ا، 'اب میں کیا کروں؟ میں نہیں جانتا کہ کیا کروں'۔

مرغ کے لفظ پر ا: اپنے دہنے ہاتھ کا انگوٹھا اپنے سر پر رکھیں اور اس سے اگلی دو انگلیوں کو اوپر اٹھائیں۔



5۔ چند گھنٹوں بعد، یسوع مسیح کو صلیب دیدی گئی۔ وہ صلیب پر گناہ کی قیمت چکانے کو مصلوب ہوا۔ تمام شاگرد بہت اداس تھے لیکن پطرس کہاں تھا؟ وہ چھپا ہوا تھا، شرمندہ اور خوفزدہ۔ اس نے کچھ غلط کیا تھا۔ تین دن بعد مسیح جی اٹھا (وہ زند ہ ہو گیا)۔ اب وہ صلیب پر نہیں تھا، نہ ہی مردہ قبر میں، اور سب میں سے ایک بات جو یسوع نے کہی وہ یہ تھی کہ وہ شاگردوں اور پطرس کو گلیل میں اس سے ملنے کو کہیں۔

صلیب کے لفظ پر ا: اپنی انگلی کو اندر کی طرف موڑ کر اور انگوٹھے کو سیدھا باہر کر کے ایک کراس (صلیب) بنائیں، اوپر سے نیچے اور بائیں سے دائیں۔



6۔ 'اف، یہ ٹھیک ہے، ' پطرس نے کہا اور وہ اچھا محسوس کرنے لگا۔ جب پطرس یسوع مسیح کی حضوری میں تھا وہ ذیادہ خوش تھا۔ ان تمام دنوں میں ، پطرس نے سوچا، 'میں نہیں جانتا کہ کیا کروں'۔ ان دنوں میں سے ایک دن پطرس نے باقی شاگردوں سے کہا کہ میں مچھلی کے شکار کو جاتا ہوں اور وہ اس کے ساتھ گئے۔ وہ جھیل پر پہنچے اور تمام رات جال ڈالا اور کچھ ہاتھ نہ آیا۔ ساحل پر سے کسی نے ان سے کہا کہ جال کو دائیں طرف ڈالو (کیونکہ اندھیرا ہی تھا، انہیں معلوم نہیں ہوا کہ کون ہے)۔ جب انہوں نے دائیں جانب جال ڈالا تو بہت سی مچھلیاں پکڑ لیں۔

مچھلی کے لفظ پر: اپنے ہاتھو ں کو بند کر کے، بائیں ہاتھ کو دائیں پر رکھیں اور انہیں اوپر سے نیچے لائیں۔



7۔ 'یہ خداوند ہے، ' یوحنا چلایا۔ جب پطرس ے یہ سنا تو اس نے پانی میں چھلانگ لگا دی اور یسوع کی طرف تیزی سے دوڑا۔ یسوع مسیح چاہتے تھے کہ پطرس یہ جانے کہ مسیح نے اس کو معاف کر دیا ہے۔ یسوع مسیح پطرس کو بتایا 'میری بھیڑوں کو چرا، میرے بروں کی گلے بانی کر'۔ یسوع مسیح یہ چاہتے تھے کہ پطرس اس کی محبت کے متعلق جانے۔

یسوع مسیح نے پطرس سے یہاں پر ہی بس نہیں کیا، اسے زندگی میں اور اہم کام کرنے تھے۔ سب سے اچھی بات یہ کہ، پطرس کو یہ معلوم تھا کہ یسوع نے اسے معاف کر دیا ہے اور یہ کہ وہ ایک نئی زندگی کا آآز کر سکتا ہے۔

معاف کرنے کے لفظ پر: اپنے دہنے ہاتھ کی انگلیوں کو بائیں ہاتھ پر رکھیں۔

8۔ آپ اس کہانی کو اپنی زندگی پر لاگو کر سکتے ہیں کیونکہ آپ بھی یسوع مسیح کے شاگرد ہیں، جیسے کے پطرس اور آپ اسے راستے پر چل رہے ہیں۔ یسوع مسیح کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کرنے کبھی دیر نہیں ہوتی۔ بھلے ہی آپ یہ کہیں، 'میں نہیں جانتا کہ کیا کروں'، اہم بات یہ ہے کہ آپ نہ تو چھپا رہے ہیں نہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ شاید آپکو آپکے گناہ کے متعلق یاد دلانے کے لئے کوئی مرغ نہیں ہوگا لیکن آپ جانتے ہیں کہ یسوع مسیح آپ کے گناہوں کی معافی







کے لئے صلیب پر مرا۔ اور اب وہ آپ کو آدم گیر بنانا چاہتا ہے۔ اس اقرار کی سب سے اچھی بات تب ہوگی جب یسوع مسیح آئے اور خوشی کے ساتھ آپکو معاف کرے۔
(تمام اشارے)

# روٹیشن سٹیشن

**سٹیشنز کو حرکت میں لانے کے لئے تین گروپس میں تقسیم ہوں**

## گراج کرافٹ



### موٹر کراس ٹریک

ہر ایک بچے میں تقسیم کریں:

- ۱ شیٹ جس پر راستہ پرنٹ ہوا ہو
- ایک چھوٹا سا ڈسٹ یا گلٹر
- کٹے ہوئے مسطتیل اور سائکلیں
- مسطتیل کو لیں او ر ان لائنوں پر فولڈ کریں جو ایک سمت میں لگی ہیں ، جو ہر مسطتیل کے دو ٹیب بنائے۔
- مڑے ہوئے ٹیب پر تھوڑی گلو لگائیں، اور انہیں ایک چھوٹا پُل بناتے ہوئے اپنے راستوں پر جہاں چاہیں چپکا دیں
- اپنے پورے ٹریک پر تھوڑی گلو لگائیں، اور پھر سا ڈسٹ یا گلٹر تاکہ موٹر کراس روڈ نمایاں ہو۔
- آخر میں، اپنے موٹر سائیکل والے کو رنگ کریں ان سے کھیلیں یا انہیں اپنے ٹریک پر چسپاں کر دیں۔

## کھانے کی چیزوں کا سٹینڈ

### چاکلیٹ پڈنگ یا کوکیز کے ساتھ کسٹرڈ



اجزا:
•چاکلیٹ پڈنگ یا کوکیز کے ساتھ کسٹرڈ
•کوکیز
•پلاسٹک کے چمچ
ہدایات:

1. چاکلیٹ پڈنگ یا کسٹرڈ کھولیں
2. کوکیز کا پیکٹ کھولیں
3. کوکیز کو چھوٹے ٹکڑوں میں توڑیں
4. کوکیز کے ٹکڑو ں کو کسٹرڈ میں ڈال دیں
5. کوکیز کو چمچ کے ساتھ کسٹرڈ یا پڈنگ میں ملائیں

اگر آپ سامنے کی قطار میں تھے تو آپ مٹی کھانے ے لطف اندوز ہو سکتے ہیں!!

## ڈرائیونگ کلاس

'ڈرائیونگ کلاس' میں خوش آمدید، یہاں ہم اپنی سٹوڈنٹ بکس پر کام کریں گے۔ کیوں نہ ہم کلاس کا آغاز دن کے سبق اور دن کی آیت کو دہراتے ہوئے کریں؟
آئیے آغاز کریں!!!

### سوال اور جواب

۱۔ اگر میں توبہ کرنا نہ چاہوں تو کیا ہو گا؟
آپکے دل میں سکون نہیں ہو گاکیونکہ خدا اپنے کلام میں ہمیں توبہ کے لیے بلاتا ہے اور وہ ہمیں معاف کرتا اور پاک کرتا ہے جیسا اس نے بائبل میں کہا ہے۔
۲۔ کیا میں کبھی بھی اور کسی بھی جگہ معافی کی درخواست کر سکتا ہوں؟

بے شک، یہ بہت اچھی چیز ہے جو ہم کر سکتے ہیں۔ چاہے آ پ سکول میں ہوں یا دوست کے گھر ٹھہرے ہوں، خدا آپکی نتا ہے ، آپ چاہے جہاں بھی ہوں۔

۳۔ اگر میں کسی سے معافی مانگوں اور وہ مجھے معاف نہ کریں، تو میں کیا کروں؟

آپ دوسروں کے کاموں کے ذمے دار نہیں ہیں۔ آپ صرف اس کے ذمے دار ہیں جو آپ خود کرتے ہیں۔


۴۔ پطرس کہاں سے تھا؟

پطرس گلیل سے تھا۔

۵۔ شاگرد بننے سے پہلے پطرس کا کیا کام تھا؟

ماہی گیر

## ڈرائیونگ کلاس کے جواب



دعا ان تصاویر جیسی کیسے ہے؟



موبائل فون

میں خدا سے دعا میں فون کی طرح بات نہیں کر سکتا۔ خدا مجھے ٹیکسٹ میسج بھیج سکتا ہے اور میں اس کا ٹیکسٹ بائبل میں پڑھ سکتا ہوں۔ چاہیے میں نہ بھی چاہوں تو بھی میں ایک میسج چھوڑ سکتا ہوں۔ اسے وہ مل جائے گا۔



ڈوبنا

جان 1: 9 میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرسکتا ہوں اور پاک ہوسکتا ہوں۔ جب میں 1 روحانی طور پر پیاس ہوں تو میں اس کے پاس دعا کے ساتھ جا سکتا ہوں۔



بجلی کی تار

اس کا اسوقت تک کوئی فائدہ نہیں جب تک یہ جڑی ہوئی نہیں ہو۔ خدا کے ساتھ دعا میں جڑنے سے قوت ملتی ہے۔



مرغ

جیسے اس نے پطرس کے ساتھ کیا، ویسے ہی خدا میرے ساتھ بھی کسی بھی طرح سے بات کر سکتا ہے۔




وہ کس چیز کی معافی کے لئے دعا کر رہی ہوگی؟
اسے سوچ کے غبارے میں بنائیں۔




| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ن | ر | ک | ہ | ب | و | ت | گ | م | آ |
| ن | چ | ی | ت | د | چ | م | ل | ب | ھ | گ |
| ر | ش | خ | ت | ز | غ | ن | و | ط | ح | ٹ |
| ک | ھ | آ | ٹ | ف | ت | د | ا | غ | ر | م |
| ر | ت | ل | ع | و | س | ی | ط | گ | ت | ن |
| ا | گ | ہ | و | خ | گ | ر | ت | ش | ا | خ |
| ک | غ | ت | ش | ل | ن | ٹ | ط | د | ھ | ک |
| ن | م | ش | ھ | چ | م | آ | و | پ | غ | ش |
| ا | ن | ا | ھ | ٹ | ا | ف | ی | ل | ک | ت |
| ش | آ | ن | م | چ | ھ | ل | ی | ا | ں | ی |

## فوری طور پر کھیلے جانے والے کھیل

### کریش ریس (انفرادی طور پر کھلینے والا کھیل)

تمام ٹیمیں اس میں حصہ لے سکتی ہیں۔ ہر ٹیم میں سے ایک بچے کو چنا جائے گا جو دوسروں کو ٹیگ کرے گا۔ کسی بچے کو نکالنے کے لئے اسے ۲ مرتبہ ٹیگ کریں۔ جب استاد کے، 'چلو'، تو منتخب کردہ بچے کو ہر کسی کا پیچھا کرنا ہے کہ انہیں ٹیگ کرے، جب وہ کر لے تو اس بچے کو جسے ٹیگ کیا گیا ہو اس جگہ ہاتھ رکھنا ہے جہاں اسے ٹیگ کیا گیا۔ مثلاً اگر اسے ٹانگ یا کمر پر ٹیگ کیا تو اسے کمر یا ٹانگ پر ہاتھ رکھنا ہے بچنے کے لئے اور بھاگتے رہنا ہے۔ جب بچے کودسری بار ٹیگ جائے تو وہ کھیل سے خارج ہو جائے گا۔ وہ اپنا دوسرا ہاتھ اس جگہ رکھیں گے جہاں انہیں دوسری مرتبہ ٹیگ کیا گیا اور کھیل کے آخ تک بغیر حرکت کیے کھڑے رہیں گے۔ جیتنے والی ٹیم کو پوائنٹس ملینگے۔

### گیند ریس (ٹیموں کا کھیل)



۱۔ وی بی ایس ٹیم کو ایک لیڈر کا انتخا ب کرنا ضروری ہے۔
۲۔ ایک قدم کی دوری پر ہر ٹیم کے ممبرز ایک لائن بنائیں گے۔ لیڈر دوسرو ں سے دو قدم کی دوری پر ہو گا۔
۳۔ ہر لیڈر کو ایک گیند دیا جائے گا (کاغز کو موڑ کر بنایا گیا ، مثال کے طور پر)۔
۴۔ آغاز کرنے والی جگہ سے کافی میٹر کی دوری پر کوئی نشان رکھیں (مثلا، ایک کرسی) ، جسکے کے گرد وہ ریس کے دوران دوڑ سکیں۔
۵۔ کھیل کا آغاز لیڈر کے قطار کے پہلے ممبر کی طرف گیند پھینکنے سے ہوتا ہے۔ وہ شخص گیند کے ساتھ نشان کی طرف دوڑتا ہے، اس نشان کے گرد ایک چکر لگاتا اور واپس آ جاتا ہے۔ اپنی قطار میں اپنے ٹیم کے ساتھیوں کے پاس پہنچ کر سے واپس گیند اپنے لیڈر کی طرف پھینکتا ہے۔ پھر اسے بیٹھ جانا ہے۔
٦۔ لیڈر اسے طرح سے گیند کو تمام ٹیم ممبرز کی طرف پھینکے گا۔ جب تمام ٹیم بیٹھ جائے تو اس کو بھی نشان کے گرد چکر لگانا ہے۔
۷۔ کھیل اس وقت ختم ہو جائے گا جب ٹیم لیڈر واپس آ کر لائن میں بیٹھ جائے۔
۸۔ پہلے یہ عمل مکمل کرنے والی ٹیم جیت کی حقدار ہوگی۔
۹۔ دوبارہ کھیلنے کے لئے ہر ٹیم میں الگ لیڈر مقرر کریں۔

## خلاصہ

ہماری چھٹیوں کے بائبل سکول کا پہلا دن کیا ہی دلچسپ تھ! ہم نے وقت سے لطف اٹھایا اور سیکھا کہ پطرس نے دباو میں آ کر کیسے ایک بڑی غلطی کی جو خداوند کے خلاف تھی۔ لیکن وہ اپنے گناہ کو تسلیم کرنے اور اس کا اقرار کرنے سے اس پر حاوی ہوا۔ ہم سب پطرس سے سیکھ سکتے ہیں‌اور اپنی غلطیوں کو پہچان سکتے اور ان کا اقرا کر سکتے ہیں۔ اس طریقے سے، ہم اپنے انجن میں اپنا 'آئل' تازہ رکھ سکتے ہیں اورزندگی کی دوڑ میں جیتنے کے لئے دوڑ سکتے ہیں۔



# خدا کی فرمابرداری

بائبل کہانی : نوح فرمانرداری کرتا ہے / پیدائش ۶: ۹ سے ۱۴، ۷: ۱ سے ۲۴





## آیت

"اگر ہم اسکے حکموں پر عمل کریں تو اس سے ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ ہم اسے جان گئے ہیں۔' ( ۱ یوحنا ۲: ۳)

## ڈرامہ

### تبدیلی

• مکینک میز پر بیٹھا ہے جبکہ اس کی بیوی کھانا لگا رہی ہے اور اس کی بیٹی اندر داخل ہوتی ہے۔ لڑکی عام معمول سے ہٹ کر مہربان دکھائی دے رہی اور ہر ایک کے ساتھ ایک تالی مارتی ہے اور وہ تینوں وہیں رک جاتے ہیں۔

•ایک اعلان کرنے والا داخل ہوتا ہے اور بچوں کو یہ بتاتا ہے کہ مکینک اور اس کی بیوی کو اس کا علم نہیں لیکن انہوں نے اپنی باغی بیٹی کو تبدیل کر دیا ہے جو اب ایک اچھی اور کرسچن بیٹی بن گئی ہے۔ پھر وہ کہتا ہے، 'ہم فرق دیکھ لیں گے۔ ' مکینک اور اس کی فیملی دوبارہ حرکت میں آ کر ڈرامہ پیش کرنا شروع کر دیتی ہے۔

•پہلی چیز جو ماں نوٹ کرتی ہے وہ اس کی بیٹی کا لباس ہے۔ وہ پوچھتی ہے کہ کیا انہوں نے سکول میں اسے کوئی کوسٹیوم پہنےکو کہا ہے۔ وہ یہ بھی پوچھتی ہے کہ انہوں اس نے اپنی نتھنی کہاں چھوڑی ہے اور وہ کپڑے بھی جو وہ عام طور پر پہنتی ہے۔ بیٹی اپنے والد کے لئے کافی کے ساتھ اخبار بھی لاتی ہے۔

•وہ بتاتی ہے کہ اس نے کیسے اپنا گھر کا کام ختم کیااور سکول کے امتحان کے لئے کیسے تیاری کی۔ مکینک اس سے پوچھتا ہے کہ کیا اسے کسی چیز کے لیے پیسو ں کی ضرورت ہے اور وہ کہتی ہے کہ نہیں۔

> **قابلِ توجہ**
>
> سپیکر: 'کیا آپ خدا کا حکم مانیں گے؟'
>
> بچے: 'جی ہاں۔۔' (تالی، تالی، 'جی ہاں کے ساتھ' اور پھر دونوں ہاتھوں کو ٹانگوں پر ماریں)
>
> 'جی ہاں۔۔' (تالی، تالی، 'جی ہاں کے ساتھ' اور پھر دونوں ہاتھوں کو ٹانگوں پر ماریں)
>
> 'میں خدا کا حکم مانوں گا!' (تالی، تالی، 'جی ہاں کے ساتھ' اور پھر 'حکم' کے ساتھ دونوں ہاتھوں کو ٹانگوں ہر ماریں اور پر 'خدا' کے ساتھ اوپر کی طرف اشارہ کریں۔

•والدین آپس میں بات کرتے ہیں کہ کیسے انہیں اپنی بیٹی پہلے کی نسبت اب اچھی لگ رہی ہے اور انہیں اسکے ساتھ بیٹھنےسے کتنی خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ جاتے ہوئے لڑکی اپنی ٹیچر کے لئے ایک تحفہ لے جاتی ہے۔

•اسکے چلے جانے پر والدین حیران ہو کر سوچتے ہیں کہ کیا ہوا ہو گا۔ مکینک سوچتا ہے، 'یہ کون لڑکی ہے اور اس نے ہماری بیٹی کے ساتھ کیا کیا؟'

•اعلان کرنے والا واپس آتا اور کہتا ہے کہ انہوں نے تبدیلی نوٹس کی ہے اور انہیں یہ چیز پسند آئی ہے۔ اعلان کرنے والا اس تجویز کے ساتھ اختتام کرتا ہے کہ باغی بچوں کو کرسچن بچوں کے ساتھ تبدیل کریں۔

## پیغام

ریس میں دوبارہ خوش آمدید ، بچو۔۔ اور وی بی ایس کے 'انجن سٹارٹ کریں ' میں بھی!۔ آج ہم بائیکس کی ریسنگ کے متعلق ایک اور اہم چیز سیکھیں گے: ٹائرز۔ ایک ریس میں ، موٹر سائیکل کے ٹائرز بہت اہم ہوتے ہیں! ظاہر ہے ایک موٹر سائیکل ان کے بغیر نہیں چل سکتی لیکن ایک مضبوط پکڑ بھی اہم ہے!!! اچھی پکڑ کی وجہ سے ٹائر راستے پر مضبوط رہ سکتے ہیں تاکہ آپ راستے میں پھسل نہ جائیں۔ ایک ریس میں ہم اس کا آغاز کرنے سے پہلے نئے ٹائر لگاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے ، یقیناً اگلے کچھ وقت میں ان کی روڈ پر اچھی پکڑ ہوتی ہے۔

تمام معاملوں میں خدا کی تابعداری بھی ایسے ہی ہے جیسے آپکی بائیک میں نئے ٹائر اور ریس کے راستے میں مضبوط پکڑ۔ اگر آپ واقعی زندگی میں کوئی اہم مقام چاہتے ہیں اور خدا کے لئے آپ کچھ زبردست کرنا چاہتے ہیں تو آپکو اچھی پکڑ کی ضرورت ہے۔ یعنی آپک کو کیا چاہئیے؟ تابعداری! دنیا ہمیں کہے گی کہ ہمیں کھڑے ہونا ہے، خود پر اس صور میں یقین رکھنا ہے جب ہم کچھ کرنا چاہتے ہیں لیکن خدا ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمیں اس کے احکام مانتے ہوئے تابعداری کا ثبوت دینا ہے۔ خود میں یقین رککھنے کی بجائے، ہمیں اپنے خدا میں یقین رکھنا ہے جس کی ہم عبادت کرتے ہیں۔ وہ ہم سے بے حد پیار کرتا ہے، وہ ہمیں زندگی میں کسی خاص مقام پر لے جانا چاہتا ہے! تابعاری اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس پر عمل کعنے کے لئے ہماری زندگی میں پہیے ہیں۔ آج ہم تابعداری پر سبق سیکھیں گے اور ایک نیک بوڑھے آدمی نوح کے بارے میں۔ اس نے خدا کا حکم مانا اور سال گزر گئے ، حالانکہ خدا کا حکم ماننے کی کوئی وجہ نہیں تھی تو بھی اس نے خدا کا حکم مانا۔ لیکن اس کا مطلب میرے اور آپ کے لئے کیا ہے؟








ہم جانتے ہیں والدین کا حکم ماننے کا کیا مطلب ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جو وہ کہیں اسے ماننا۔ لیکن خدا کا حکم ماننے کا کیا مطلب ہے؟ جب ہم اسے سن یا دیکھ نہیں سکتے تو ہمیں کیسے پتا چلے گا کہ وہ ہم سے کیا چاہتا ہے؟ خدا کی فرمابرداری کا آسان طریقہ ان احکام کو ماننا ہے جو اس نے بائبل میں دیے ہیں۔ وہاں ہم ایسےبہت سے سبق دیکھتے ہیں کہ کیسے رہا جائے اور دوسروں کے ساتھ کیسا رویہ رکھا جائے، بالکل ویسے جیسے یسوع مسیح نے کیا۔ خدا نہیں ہمیں ہماری بھلائی کے لئے اختیار کے نیچے رکھا ہے۔ لہٰذا، جب ہم اپنے والدین کا کہنا مانتے ہیں تو دراصل ہم خدا کا حکم مانتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جو وہ کہیں وہ کرنا۔ لیکن فرمابرداری کا کیا مطلب ہے۔ لہٰذا ہم خدا کی فرمابرداری تب بھی کرتے ہیں جب ہم اپنے والدین، اساتذہ یا اپنے پادریوں کا کہنا مانتے ہیں۔ کبھی کبھی، خدا ہمیں ذاتی حکم بھی دیتا ہے۔ کبھی کبھی اپنی روح میں ہم یہ جانتے ہیں کہ ہمیں کسی کی مدد کرنی ہے، کچھ دینا ہے اور کسی کے ساتھ مہربانی سے پیش آنا ہے۔ جب بھی ہم صحیفوں میں سے خدا کے ایک حکم کے طور پر کوئی خاص حکم دیکھتے ہیں اور ہمارے والدین یا پادری اس سے متفق ہوتے ہیں تو ہم جان جائیں گے کہ ہمیں اس حکم کو ماننا ہے اور اس سے خدا کو خوشی ہو گی۔ خدا کا حکم مانتے ہوئے ہم اپنی زندگی کے ساتھ کچھ خاص کرینگے؛ ہم اپنی ریس والی بائیک میں نئے ٹائر لگائیں گے-۔ او ر زندگی میں کوئی پکڑ حاصل کرینگے۔ آئیے اپنے اندر پاک روح کی آواز کو محسوس کرتے ہوئے اپنے اوپر اختیار والوں کی فرمابرداری سے خدا کی پیروی کریں جیسے نوح نے کی۔ بچو اور بچیو، اس ریس میں پکڑ حاصل کرنے کے لئے دوڑو!

## آئس بریکر کھیل

### بجلی

لڑکے، لڑکیاں اور مقاصد





اپنے طالب علموں کو دو یا چار ٹیموں میں تقسیم کریں۔ آپکی ٹیموں کی تعداد آپکے گروپ کے سائز پر ہے۔ ایک دوسرے کے سامنے لائنز بنوائیں۔ اند لائنز کے درمیان کوئی چیز رکھ دیں۔ بچے اپنے ساتھ والے بچے کا ہاتھ پکڑیں گے۔ لیڈر ہر ٹیم کے پہلے لڑکے اور لڑکی کا ہاتھ پکڑے گا (آپکو ہر دوسری ٹیم کے لئے لیڈر کی ضرورت ہے)۔

لیڈر ہر ٹیم کے پہلے بچے کا ہاتھ دبائے گا۔ جب آپکا ہاتھ دبایا جائے تو آپ نے دوسرے بچے کا ہاتھ دبانا ہے اور پوری لائن میں یہ ایسے چلے گا۔ پہلے جو ٹیم اس کو ختم کر کے وہ درمیان میں رھی چیز اٹھا لے وہ جیت جائے گی۔ اس کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے آپ اپنی آنکھیں بند کر سکتے ہیں۔

## بائبل کے سبق

نوح کی فرمابرداری



۱۔ جب خدا نے دنیا کو بنایا تو لوگ بڑھنے لگے اور بہت تعداد میں ہو گئے۔ وہ گنے نہیں جا سکتے تھے اسوقت ، لیکن لوگ خدا کو بھول گئے، وہ خدا جس نے ان کو تخلیق کیا تھا۔ انکو خدا کا حکم ماننا بھہ بھول گیا اور وہ صرف اپنے ذاتی مفادات کے پیچھے بھاگنے لگے: جھوٹ، چوٹ پہنچانااور یہاں تک کہ دوسروں کا قتل کرنا۔ انہیں کوئی احساس نہیں تھا کہ خدا کیا چاہتا ہے اور خدا کو کیا چیز دکھی کرتی ہے۔

لفظ ’لوگ‘ پر: اپنی درمیانی انگلی اور انگوٹھے ہو جوڑتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے مخلاف سمت میں دائرے بنائیں۔



۲۔ اس نافرمانی کے درمیان ایک شخص تھا جو خدا سے محبت رکھتا اور اس کے احکام مانتا تھا۔ اس کا نام نوح تھا۔ ایک دن خدا نے سیلاب کے ذریعے تمام نافرمان لوگوں کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ لہٰذا خدا نے نوح سے بات کی اور کہا کہ وہ ایک بڑا طوفان بھیجنے کو ہے۔ اس وقت تک زمیں پر بارش نہیں ہوئی تھی اور نوح کو علم نہیں تھا کہ بارش کیسی ہوتئ ہے ۔ نوح کے لئے کسی ایسی چیز پر فرمابرداری دکھانا مشکل ہو گا جسکو وہ نہیں جانتا اور سمجھتا تھا۔ خدا نے نوح سے کہا، ’بارش ہونے والی ہے اور یہ اسوقت تک ہوی جب تک پوری زمین پانی سے نہ بھر جائے، لیکن میں چاہتا ہوں کہ تو ایک کشتی بنا، (ایک بہت بڑی کشتی)، اپنے لئے، اپنی فیملی کے لئے اور ان جانوروں کے لئے جنہیں میں نے بنایا ہےاور تاکہ تم محفوظ رہو‘۔


فرمابرداری کے لفظ پر: اپنی مٹھی کو اپنے سر تک لے جائیں اور انہیں اپنی ہتھیلی کو اوپر کی طرف رکھتے ہوئے نیچے لائیں۔



خدا نے اسے بتایا کہ کیسے کیسے کشتی بنانی ہے، کس طرح کی لکڑی استعمال ہو گی اور وہ کتنی بڑی ہو گی۔ اس کا سائز فٹ بال کے سٹیڈیم سے بڑا تھا۔ نوح نے لکڑی کاٹتے اور جوڑتے ہوئے اپنا کام کرنا شروع کیا۔ نوح اور اس کی فیملی نے کئی سالوں تک اس بڑی کشتی کو بنانے کے لئے کام کیا۔ کیا آپ خدا کی فرمابرداری کا سالوں سال تصور کر سکتے ہیں ، اس وقت جب آپ کو سمجھ نہ آ رہی ہو اور آپ حیران ہوں کہ خدا کیسے اس بات کو پورا کریگا جسکا اس نے وعدہ کیا ہوا ہے؟

خدا کے لفظ پر: پہلی انگلی اوپر کرکے ، ہاتھ کو کھولتے ہوئے سینے تک لانا۔

.



۴۔ ایک دن خدا نے نوح سے کہا، 'اپنے گھرانے کے ساتھ کشتی میں داخل ہو اور تمام جانوروں کو بھی اپنے ساتھ لے لے'۔ دوبارہ نوح نے فرمابرداری دکھائی اور تمام جانوروں اور ااپنی فیملی کے کے لئے خوارک اندر رکھی۔ خدا نے تمام چھوٹے سے لیکر بڑے جانوروں کو بھیجا اور وہ کشتی میں داخل ہوئے۔ آخر میں نوح اور اس کی فیملی بھی داخل ہوئے۔ اچانک اس نے بوندوں کی آواز سنی، بارش ہونے گی اور وہ تیز ہوتی جا رہی تھی۔ خدا نے دروازہ بند کر دیا۔

فیملی کے لفظ پر: پہلی انگلی اور انگوٹھے کو ملاتے ہوئے ، ایک باہری طرف کو دائرہ بنائیں۔



۵۔ بارش پہلے ہی بہت تیز تھی، پانی بڑھتا گیا، جلد ہی زمین سیلاب سے ڈھک گئی اور کشتی نے تیرنا شروع کر دیا۔ (بادلوں سے زمین کی سطح بنائیں )۔ ۴۰ دن اور ۴۰ رات بارش ہوئی۔ بارش اتنی ذیادہ تھی کہ بلند ترین پہاڑ اس میں چھپ گئے۔ اس کے بعد سورج نکلا اور خاموشی چھا گئی، بارش ختم ہو گئی تھی۔ (سورج بنائیں)۔ زمین کو مکمل طور پر سوکھنے میں پورا سال لگا۔ ایک دن، خدا نے نوح کو بتایا کہ وہ اور اس کی فیملی کشتی سے نکل سکتے ہیں۔ کتنا اچھا دن ہو گا کہ زمین پر واپس آیا جائے! نوح اور اس کی فیملی بھاگ سکتے تھے، پوری دھوپ میں اپنی ٹانگیں پھیلا سکتے تھے۔

بارش کے لفظ پر: کپ کو صورت میں اٹھائے ہاتھ؛ اطراف میں دائرے کی شکل میں انہیں ہلائیں۔



۶۔ سب سے پہلے نوح نے خدا کا شکر کیا کہ اس نے انہیں محفوظ رکھا۔ خدا نوح کی شکر گزاری سے خوش ہو اور وعدہ کیا کہ وہ 'کبھی زمین کو دوبارہ پانی سے تباہ نہیں کرے گا'۔ لہٰذا ہمیں اس وعدے کو یاد دلانے کے لئے نے آسمان میں ایک خوبصورت قوس قزاح رکھی۔ مجھے لگتا ہے کہ خدا نوح کی اس فرماںبرداری سی انتہائی خوش ہو ا کہ ہ سمجھتے ہوئے بھی اس نے اس کا حکم مانا۔ خدا کی فرمابرداری آپ کے لئے شاید مشکل ہو، لیکن یاد رکھیں کہ ہمارے مانگنے پر وہ ہماری مدد کرے گا۔ وہ ہم سے پیار کرتا ہے اور ہر مرتبہ ہماری فرمابرداری پر ہمیں اپنا پیار دکھانا چاہتا ہے۔

شکر گزاری کے لفظ پر : اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے حصے کو اپنے منہ پر رکھیں اور آگے لاتے ہوئے نیچے لائیں۔

## روٹیشن سٹیشن

**سٹیشنز کی طرف جانے کے لئے ۳ گروپس میں تقسیم ہوں۔**

### گراج کرافٹ

**بائیکر کا ہیلمٹ**




ہر ایک طالب علم کو تقسیم کریں:


- ایک شیٹ پر ہیلمٹ پرنٹ ہوا ہو اور بائبل کا ٹیکسٹ لکھا ہو
- نیلے فومی یا کاغذ کا ایک ٹکڑا
- پیلے فومی یا کاغذ کے ۲ ٹکڑے
- سبز فومی یا کاغذ کا ایک ٹکڑا
- ایک سیفٹی پن

ہدایات:

- فومی یا رنگین کاغذ اور پرنٹ ہوئے ہیلمٹ کے ساتھ ، نمونہ بنائیں
- جب آپ انہیں لگا لیں ، انہیں گلو سے چپکائیں







- ایک سیفٹی پن ان پر لگائیں تاکہ وہ اسے اپنے کپڑوں پر لگا سکیں




کھانے کی چیزوں کا سٹینڈ

**ایپل کار**

اجزا:

- ایپل
- کشمش یا کالے انگور
- ٹوتھ پک

ہدایات:

.1 سیب کو آدھے دائروں کی شکل میں کاٹیں

.2 انکی آدھے چاند والی شکل کا منہ نیچے کی طرف کریں

.3 آگے اور پیچھے کی طرف ایک ایک ٹوتھ پگ سیب کے ٹکڑوں میں سے گزاریں

.4 کشمش یا انگور کے دونوں کو ٹوتھ پگ کے ہر کونے پر لگا دیں

تیار! اب ہمارے پاس مزیدار کار ہے۔

ڈرائیونگ کلاس

'ڈرائیونگ کلاس' میں خوش آمدید جہاں ہم اپنی سٹوڈنٹ بکس پر کام کریں گے۔ ہم کیوں نہ کلاس کا آغاز دن کا سبق دہرانے اور دن کی آیت کے ساتھ کریں؟

آئیں آغاز کریں!!!

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ج | ا | ن | و | ر | ی | ڑ | ع | ی |
| ن | ی | و | ن | ک | ق | و | ی | خ | ق |
| ا | ت | ب | ل | م | ر | ڑ | و | د | ی |
| چ | ڑ | ی | ا | ح | ک | پ | ب | ا | ن |
| ب | ع | ٹ | ر | ل | م | ن | ا | س | ک |
| س | ق | ے | ٹ | ر | ی | ک | ر | ٹ | ر |
| ن | ی | ل | ع | ڑ | ت | س | ش | ل | ن |
| ا | ن | ر | ک | ر | ی | م | ع | ت | ا |
| ح | و | ن | ن | س | ٹ | ت | ق | ڑ | ی |

بائبل دیکھیں اور صحیح (ص) اور غلط(غ) بیان پر نشان لگائیں ۔

1۔ نوح سیلاب کے بعد ۳۵۰ سال تک زندہ رہا (کل ملا کر ۹۵۰ سال) پیدائش ۹:۲۸ سے ۲۹ — غ ص

2۔ خدا نے نوح کو قوس قزاح اس وعدے کے ساتھ دی کہ اب دوبارہ کبھی بارش نہیں ہوگی۔ پیدائش ۹:۱ سے ۱۶ — غ ص


3۔ کشتی میں ہر پاک جانور کے ۱۴ تھے۔ پیدائش ۷: ۲ — غ ص

4۔ ہم نہیں جانتے کہ نوح کے آباو اجداد کون تھے۔ پیدائش ۵ — غ ص


5۔ متوسلح (بائبل کا سب سے بوڑھا شخص، ۹۶۹ سال) نوح کا دادا تھا۔ پیدائش ۵:۲۵ سے ۲۸ — غ ص

6۔ کشتی بنانے میں ۱۰۰ سے ذیادہ سال لگے پیدائش ۷:۶ — غ ص

7۔ ہر نسل کے پرندوں میں سے کشتی میں ایک ایک جوڑا تھا۔ پیدائش ۷:۳ — غ ص



کیا ہر جانور کا جوڑا تلاش کر سکتے ہیں؟ ان جانوروں پر دائرہ لگائیں جو ابھی بھی اپنے ساتھی کا انتظار کر رہے ہیں۔ ایک منٹ میں بغیر دیکھے آپ اس تصویر میں کتنے جانوروں کا نام بتا سکتے ہیں۔



سوال اور جواب

۱۔ جب آپکے والدین ٹھیک نہ ہوں تو کیا ہوتا ہے؟

زندگی میں سب اچھا نہیں ہے، مثلاً اگر کوئی زلزلہ آ جائے تو وہ اس علاقے کے لوگوں کو متاثر کریگا چاہے وہ اچھے ہوں یا برے۔ بے انصافی اکثر ہوتی ہے ، ہمارے گھروں میں بھی۔کیا اپنے والدین کی فرمابردار ی کا کوئی طریقہ نہیں ہوگا ، اگر وہ آ پکو کچھ غلط کرنے کو بھی کہیں؟ خدا سب دیکھتا ہے ، بھلے ہی ہمارے والدین کو یہ نظر نہ آئے۔ مثلاً: جھوٹ۔

۲۔ کیا خدا نے کبھی آپکو کچھ کرنے کو کہا؟ آپکو کیسے پتا چلے گا کہ یہ خدا کی طرف سے تھا؟

کبھی کبھی ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہمیں کسی کی مدد کرنے جانا ہے، یا ہمیں یو ں محسوس ہوتا ہے کہ کوئی ہمیں تنگ کر رہا ہے اور مسلسل ہمیں کچھ یاد کرانے کی کوشش کر رہا ہے جو ہمیں کرنا تھا۔ خدا ہمیں یاد کرواتا ہے ، بھلے ہی ہم بھولنے کی کوشش کریں۔ کبھی کبھی ہمیں رات کواس چیز کے متعلق خواب آتا ہے جو ہمیں کرنی چاہئے۔

۳۔ کیا آپ خود کو خدا کا فرمابردار سمجھتے ہیں؟

اپنے بچوں کے ساتھ کھل کر بات چیت کریں جہاں کوئی کسی دوسرے کو حقیر نہ جانے۔ اپنی غلطیوں کو ان کے ساتھ شئیر کریں تاکہ وہ آپ سے کھل کر بات کر پائیں۔ اس پر بحث کریں کہ کونے کام فرمابرداری کو ظاہر کرتے اور سے نافرمانی کے ترجمان ہیں۔

۴۔ کشتی میں کتنے لوگ گئے؟

آٹھ

۵۔ نوح کے بچوں کے نام کیا تھے؟

سم، حام اور یافت

## فوری طور پر کھیلے جانے والے کھیل

**ٹو ٹرک پکڑنا(انفرادی)**

کھیلنے سے پہلے:

- ایک بچے کو مقرر کریں ( ٹو ٹرک) کو موٹر سائیکل کو باندھے گا (باقی کے بچے)۔
- کھیل کی جگہ کی حدیں مقرر کریں۔

کھیلنے کے لئے:

موٹر سائیکل ٹھہرائی ہوئی حدوں میں رہیں گی اور ٹو ٹرک چلے گا، انہیں کھینچنے کی کوشش میں۔ جب وہ موٹر سائیکل کو اپنے ہاتھ سے جوڑے گا تو موٹر سائیکل کھلاڑی کو اپنی بازو کے ذریعے جوڑے گی۔ موٹر سائیکل کو اپنی بازو سے باندھے ہوئے ٹو ٹرک ہر موٹر سائیکل کو باندھنے کی کوشش کرے گا کہ ایک زنجیر بنی رہے۔

اگر کوئی ٹھہرائی حد سے باہر جائے تو ان کو خود کو ٹو ٹرک کے ساتھ باندھنا ہے۔


نوٹ: جب گروپ بڑا ہو، یہ ضروری ہے کہ ۲ زنجیریں بنائی جائیں اور موٹر سائکلوں کو باندھنے کے لئے ۲ ٹو ٹرک ہونگے۔







**ریلے ریس (ٹیم)**



اس ریلے ریس میں ، تو بچوں کو ان کے پیروں کے ساتھ ایکساتھ باندھیں۔
ٹیمیں بنائیں، کوشش کریں کہ بندھے ہوئے بچوں کی تعداد ہر ٹیم میں برابر ہو۔
کھیلنے کے علاقے میں ایک ٹریک بنائیں ، ہر ٹیم کے لئے ایک۔
سگنل پر ، پہلا جوڑا ٹریک پر دوڑے گا، پھر دوسرا، اس وقت تک سب جب تک پوری ٹیم نہ بھاگ لے۔
وہ ٹیم جو پہلے مکمل کے فاتح ہو گی۔

## خلاصہ

ہمارے چھٹیوں کے بائیبل سکول میں کتنا اچھا دن رہا! ہم نے زبردست وقت گزارا اور سیکھا کہ نوح نے نہ صرف خدا کی آواز سنی لیکن خدا کی فرمابردری کی وجہ سےاپنی زندگی میں اس کی اپنے ٹائروں پر اچھی پکڑ تھی۔ ہم سب نوح سے سیکھ سکتے اور باقاعدگی سے اپنی زندگی میں خدا کی فرمابرداری کر سکتے ہیں۔ اس طرح سے ہم تیز رفتاری اور زندگی کی دوڑ میں جیتنے کے لئے اچھے اپنی 'بائیکس' میں 'ٹائر' رکھ سکتے ہیں۔









# حقیقی محبت

**بائبل کی کہانی: روت کی محبت ، روت ۱:۱ سے۴: ۱۷**



**آیت**

**’کیونکہ جو پیغام تم نے شروع سے سنا وہ یہ ہے کہ ہم ایکدوسرے سے محبت رکھیں‘۔ (۱ یوحنا ۳: ۱۱)**

**ڈرامہ**

**محبت**

قابلِ توجہ

سپیکر: ’اسے سٹارٹ کریں‘
بچے: تین مرتبہ تالی، تین مرتبہ تالی
زوم، زوم! (بازو جیسے موٹر سائکل کو سٹارت کرتے ہیں)
’آو چلیں!‘ (ہوا میں دہنی مٹھی اور پھر بائیں مٹھی)

- مکینک ایک کلائنٹ کے بارے میں بات کرتا داخل ہوتا ہے جس نے گرمی کی وجہ سے اپنی موٹر سائیکل اندر ورک شاپ میں کر لی۔ موٹر سائیکل سے دھواں نکل رہا تھا۔ خود سے باتیں کرتے ہوئے مکینک نے کام شروع کیا، ’یہ اتنی گرم نہ ہوئی ہوتی اگر اس نے بچارے انجن کے کے لئے اینٹی فریز کا استعمال کیا ہوتا۔ اب میں نہیں جانتا کہ اسے کیسے ٹھیک کروں‘۔
- اسی وقت اس کا چھوٹا کتا اندر داخل ہوااور اس نے اس سے باتیں کرنے شروع کر دیں۔ مکینک نے ادھر ادھر حیت سے دیکھا کہ کون اس سے باتیں کر رہا ہے۔ اس کو یہ جاننے میں تھوڑا وقت لگا کہ وہ کتا اس سے باتیں کر رہا ہے۔
- کتے نے اسے کئی ایسی کہانیاں سنا کر اپنے اس سے بات کرنے کا یقین دلایا جو صرف اس کا کتا ہی جانتا تھا۔ ’کیا تم جانتے ہو کہ ایک مرتبہ تمہاری بیوی نے تمہارے لئے بہت خاص کھانا تیار کیا اور تم نے اس سے کہا کہ یہ میری زندگی کا اسب سے مزیدار کھانا ہے اور ایک چمد کھانے کے بعد وہ تم نے مجھے دیدیا؟‘۔
- آخر کار مکینک اس چھوٹے کتے کا یقین کر لیتا ہے اور وہ اس بارے میں بات کرنے لگتے ہیں کہ کیسے کتے بات کر سکتے ہیں، لیکن وہ اس چیز کو خفیہ رکھتے ہیں۔ باتیں کرتے ہوئے مکینک موٹر سائیکل پر کام کر رہا ہے ۔
- مکینک کو سمجھ آیا کہ کتا اس لئے بولا کیونکہ وہ اسکے پیار اور احساس کے لئے اس کا شکر گزار ہونا چاہتا تھا، اور پھر تھوڑی شفقت اور جپھی چاہتا تھا۔ اسکے بعد کتا چلا گیا۔
- ڈرامے کا اختتام اس مکینک کے یہ کہنے پر ہوتا ہے کہ انجن خراب ہو چکا ہے کیونکہ وہ ذیادہ گرم ہو گیا تھا اور یہ کہ مالک کو ایک نیا انجن لینا ہو گا۔
- جاتے ہوئے مکینک کہتا ہے، ’اگر اس نے صرف اینٹی فریز کے ذریعے اپنے انجن کی احتیاط کی ہوتی تو یہ اور کافی دیر چلتا‘۔

**پیغام**

سلام بچو۔۔۔کیا آپ اپنے انجن سٹارٹ کرنے کو تیار ہیں؟؟؟
ویسے کون اس ریس کو جیتے گا؟ کیا آپ اپنی موٹر سائیکل کو تیز ترین رفتا ر میں چلا سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو آپ کو روڈ  چھوڑ دینا چاہئے کیونکہ موٹر سائیکل والے اس ریس میں بہت ہی بہترین ہیں۔
چلتے ہوئے  موٹر سائیکل کا انجن بہت گرم ہو جاتا ہے اور انجن کو تیز گرم ہونے سے بچانے  بہت اہم ہے۔ آج ہم  اینٹی فریز  کے متعلق سیکھیں گے۔ یہ وہ مائع ہے جو آپ ریڈی ایٹر میں پانی کی جگہ ڈالتے ہیں۔ یہ انجن میں گھومتا ہےاور اسے ٹھنڈا رکھتا ہے، اس وقت بھی جب موٹر سائیکل بہت تیز چل رہی ہو۔ اس کے بغیر انجن تیز گرم ہو کر دھواں چھوڑنے لگتا ہے۔ کبھی کبھی اس میں آگ بھی لگ جاتی ہے! تیز گرم ہو جانے والی موٹر سائیکل  کے ساتھ ریس جیتنے کا کوئی امکان نہیں۔ یہ ہماری روحانی زندگی پر کیسے لاگو ہوتا ہے۔ مسیحی زندگی میں محبت اینٹی فیز کی طرح ہے۔ لوگوں کے درمیان ہمیشہ اونچ نیچ رہتی ہے۔ خدا نے ہم سب کو منفرد بنایا ہے جن کے اپنے اپنے اختلافِ رائے اور کردار ہیں۔ جب ہم اپنی زندگیوں میں محبت نہیں  رکھتے تو ہم لڑائی جھگڑوں اور  غلط فہمیوں میں پڑ جاتے ہیں۔ کیا آپ نے ایسے دو لوگوں کو دیکھا ہے جو عام طور پر ٹھیک  ہوں ایکدوسرے کے ساتھ اور وہ آپس میں لڑ پڑیں؟ جی ہاں، سبھی! یہاں تک کہ بہترین کلیسیاوں میں بھی مسئلے کھڑے ہوتے ہیں اور خدا ہم سے یہ توقع کرتا ہے کہ ہم ایکدوسرے کے لئے محبت دکھائیں۔ محبت کے بنا، ہماری زندگیوں سے دھواں اٹھنا شروع ہو جائے گا اور ہم تیز گرم ہو جائیں گے اور ریس جیتنے کے قابل نہیں رہیں گے۔







اینٹی فیرز کیوں اہم ہے؟ بائبل اس بات کو واضح کرتی ہے کہ ہمیں اپنی مسیحی زندگی میں ایک مرکزی خصوصیت رکھنی ہے اور وہ محبت ہے ۔ دوسروں کو محبت دکھانے کا کیا مطلب ہے۔ ۱ یوحنا ۳:۱۶ ہمیں یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ 'اس سے ہم جانتے ہیں کہ محبت کیا ہے: یسوع مسیح نے اپنی جان ہمارے لئے دے دی'۔ بائبل کہتی ہے کہ ہمیں بھی اپنی زندگی اوروں کے لئے دینی ہے لیکن کیسے؟ اس کا مطلب ہے کہ کیک کا سب سے چھوٹا ٹکڑا لینا، اپنے دوست کو پہلے کھیلنے دینا، اپنے والدین کی اسوقت بھی مدد کرنا جب انہوں نے کہا بھی نہ ہو، سکول میں دوسروں کے ساتھ اچھے رہنا بھلے ہی وہ اچھے نہ ہوں اور بہت کچھ۔ کتنے طریقوں سے ہم دوسروں کو حقیقی محبت دکھا سکتے ہیں۔ یہ فہرست لامحدود ہے! محبت دکھانے کے راستے دریافت کرنے کے بعد آپکو اس کی اہمیت کا اندازہ ہونا چاہئے۔ یہ مذہبی چیزوں کے ساتھ کرنے والی چیز نہیں ہے: چرچ جانا، چندہ دینا اور اپنے والدین کی بات ماننا۔ یسوع مسیح نے نئے عہد نامے میں واضح کر دیا کہ تمہارا مذہب اس وقت بے کار ہے جب تمہارے دل میں اوروں کے لئے محبت نہیں ہے۔ اپنی زنگی دینا اور دوسروں کو پہلا مقام دینا۔


آج ہم ایک متاثر کن ڈرائیور لینے جا رہے ہیں ۔۔۔ روت ۔ وہ اس بات کی بہت اچھی مثال ہے کہ اپنی زندگی اوروں کو کیسے دی جائے۔

ہم اپنی مسیحی زندگی کی دیکھ بھال کرنے جا رہے ہیں تاکہ ہم طویل عرصے تک خدا کی خدمت کر پائیں۔ آئیں اوروں سے محبت کریں اور اس ریس کو جیتیں!

## آئس بریکر کھیل

نمبر اور افعال

ٹیم ۱، ٹیم ۲، ٹیم ۳، ٹیم ۴




اگر ممکن ہو تو بچوں کو ۱۰ سے ۱۲ کی ٹیم بنانے کو کہیں۔ یاد رہے کہ چھوٹے اور بڑے بچے ایک ہی ٹیم کا حصہ بن سکتے ہیں۔ ٹیمیں قطار بنائیں گی۔ ہر بچہ اپنے کلاس میٹ کے سامنے کھڑا ہو گا۔ اگر آپ بچوں ہلانا نہیں چاہتے تو آپ وہاں یہ سرگرمی کر سکتے ہیں جہاں بچے بیٹھے ہوں۔ یہ وضاحت کریں کہ ہر نمبر کے لئے ایک فعل ہے۔

۱۔ ہم اپمنے ساتھی کے ساتھ تالی بجائیں گے۔

۲۔ چوکڑی مار کر بیٹھیں گے۔

۳۔ بازو اٹھاتے ہوئے چھلانگ ماریں گے۔


۴۔ پیچھے کو مڑیں گے۔

۵۔ کھلی حرکت ( یہاں کوئی موسیقی چلائی جا سکتی ہے)۔

۶۔ وہ سب جو کوئی فعل کرتے ہوئے سمجھ نہ پائیں انہیں بیٹھ جانا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ اس کھیل کا مقصد ایک دوسرے سے گھلنا ملنا ہے۔ لطف اندوز ہونا سب سے ذیادہ اہم چیز ہے۔


## بائبل کا سبق

**روت محبت کرتی ہے**



۱۔ روت ایک خوبصورت موابی لڑکی تھی (مواب کے علاقے سے)، اس کی شادی اسرائیل کے ایک خاندان میں ہوئی تھی جو مواب میں رہتا تھا۔ روت اپنے شوہر کے ساتھ اپنے سسرال میں رہتی تھی۔ کچھ دیر کے بعد اس کا سسر، اسکی ساس کے دونوں بیٹے مر گئے۔ اب نعومی اور اس کی دونوں بہوئیں اکیلے تھے۔ کیونکہ وہ تینوں بیوہ ہو گئی تھیں(انکے شوہر مر گئے تھے)۔

شوہر کے لفظ پر: اپنے دہنے ہاتھ کی انگلیوں کواپنے سر سے ہٹاتے ہوئے بند کریں ۔ اپنے ہاتھ تھام لیں۔




۲۔ ان دنوں میں ، بیوہ عورت کے لئے زندگی بہت کٹھن تھی۔ خود کو سنبھالنا اور کام کرنا اس کے لئے مشکل تھا۔ تینوں خواتین نے شاید سوچا ہو گا کہ اب ہماری مدد کون کریگا کیونکہ ہمارے شوہر مر گئے ہیں؟ نعومی نے اپنی دونوں بیٹیوں سے کہا، 'جاو اپنی فیلیوں کے پاس، شاید تمہاری وہاں شادی ہو جائے، لیکن میں اپنی زمیں اسرائیل میں واپس جاوں گی۔' وہ نعومی کو چھوڑنا نہیں چاہتی تھیں لیکن آخر کار نعومی کی دوسری بہو نے جانے کا فیصلہ کیااور اپنی فیملی کے ساتھ گھر چلی گئی۔

چھوڑنے کے لفظ پر : اپنے ہاتھ نیچے کی طرف کھول کر اوپر اٹھاتے ہوئے بند کریں۔









۳۔ روت اسے اکیلا نہیں چھوڑنا چاہتی تھی اور اس نے اسے کہا، ' میں تیرے ساتھ جاوں گی! میں تیری بیٹی ہونگی ، تیرے لوگ میرے لوگ اور تیرا خدا میرا خدا ہو گا۔' نعومی نے محسوس کیا کہ وہ سنجیدہ ہےاور اپنا ارادہ نہیں بدلے گی، لہٰذا روت نعومی کے ساتھ بیت لحم گئی (وہ علاقہ جہاں نعومی رہتی تھی)۔ جس دوران ان کے شوہر نہیں تھے، انکو یہ خوشی تھی کہ وہ اکٹھی ہیں اور ایک دوسرے کا سہارا ہیں۔

لفظ ساتھ پر: اپنے ہاتھ بندکریں اور مٹھیوں کو ملائیں۔



۴۔ جب وہ بیت لحم پہنچے تو کسانوں نے جو کی کٹائی شروع کی۔ روت نے فصل کاٹنے والے کے پیچھے گری ہوئی بالیں اکٹھی کرنی شروع کر دیں کیونکہ اس کا اور نعومی کا دھیان رکھنے کے لئے شوہر نہیں تھا۔ بائبل کہتی ہے کہ وہ دانے اور بالیں جو زمین پر گر جائیں ، وہ پودے جو کونے میں اگے ہوں، انہیں غریب کی خوارد کے لئے چھوڑ دیا جائے۔ لہٰذا، روت نے گرا اناج اکٹھا کیا تاکہ وہ دونوں کھانا کھا پائیں۔


پودے کے لفظ پر: اپنے بائیں ہاتھ کی انگلی سے ایک دائرہ بنائیں ، اس میں سے اپنا دائیں ہاتھ گزاریں۔

.




۵۔ کافی عرصے تک فصل کاٹنے والوں کے پیچھے محنت کرتی رہی، اس نے گرمی کی پرواہ نہیں کی۔ نعومی اس کے ساتھ بہت اچھی تھی؛ اس نے اس کی مدد کی اور اس لیئے روت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی تھی کہ وہ بھی اس کے ساتھ اچھی ہو۔ اس لئے وہ سخت محنت کر رہی تھی کہ نعومی کے لئے کھانا لائے۔

اچھا لفظ پر: بائیں ہاتھ کو درمیان میں رکھیں اور اپنا دائیاں ہاتھ اوپر سے نیچے لائیں۔



جس کھیت سے روت بالیں چن رہی تھی وہ نعومی کے رشتے دار کا تھا۔ اس کا نام بوعز تھا۔ جب بوعز نے اسے کام کرتے دیکھا تو اس نے اپنے نوکرسے پوچھا: 'یہ کون ہے؟' نوکر نے اسے بتایا کہ ، 'یہ موابی عورت ہے جو نعومی کے ساتھ آئی ہے۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ کیا میں اسے کام کرنے کی اجازت دے سکتا ہوں، صرف وہ بالیں اٹھانے کے لئے جو زمین پر گر جائیں۔ یہ صبح سے محنت سے کام کر رہی ہے'۔ بوعز نے سن رکھا تھا کہ اپنے شوہروں کو کھو دینے کے بعد سے روت نے نعومی کے ساتھ کیسا برتاو رکھا۔ بوعز نے اس سے کہا کہ تو جو چاہے وہ بالیں چن سکتی ہے اور کوئی اسے کچھ نہیں کہے گا۔ اور یہ کہ وہ اسکے کھیتو ں میں کام کرنا جاری رکھ سکتی ہے۔

کام کے لفظ پر: اپنے ہاتھ بند کر کے، اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ کو چھوئیں۔



روت فصل کٹائی کے دوران بالیں چنتی رہی۔ جب نعومی کو معلوم ہوا کہ وہ اس کے رشتے دار کا کھیت ہے جہاں روت کام کر رہی ہے، تو اس نے ایک منصوبہ بنایا۔ منصوبہ یہ تھا کہ وہ اور روت اس کی خاندانی زمین کا حصہ بحال کریں گی۔ نعومی نے روت کو اپنے منصوبے کے متعلق بتایا۔ نتیجے میں بوعز نے و ہ زمیں واپس کی جو نعومی کے حصے میں آتی تھی، اور اب روت اور نعومی کے پاس ایک گھر تھا۔ بوعز نے روت سے شادی کر لی اور جب ان کے بیٹا ہوا تو انہوں نے نعومی کے گھر پارٹی کی۔ ایک عقلمند منصوبے کے تحت روت اور نعومی کو ان کی فیملی واپس مل گئی۔

عقلمند لفظ پر: اپنے ماتھے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی سے کو کھجائیں

۸۔ روت کے شوہر کی موت کے باوجود، اس نے یہ جانا کہ خدا اس سے فرمانبرداری چاہتا ہے اور یہ کہ وہ اس کا پیار دیگر لوگوں کو دکھائے۔ اپنی ساس کو اکیلا ہ چھوڑنے کا فیصلہ روت کے لئے بہت بڑا تھا اور یہ کہ وہ اس کے ساتھ واپس اسرائیل آتی۔ ہوسکتا کہ آپ کو بالیں چننے کے کام کے متعلق کچھ نہ معلوم ہو لیکن مجھے یقین ہے ، آپکو یہ ضرور معلوم ہو گا کہ دوسرے لوگوں کے ساتھ اچھے رہنے کا کیا مطلب ہے، اس وقت بھی جب یہ انتہائی مشکل ہو۔ خدا آپکو بلکہ برکت دے گا جب دوسروں سے محبت رکھیں گے کیونکہ یہ صرف اچھی بات ہی نہیں ہے یہ حکمت کی بات بھی ہے۔ ہم یہ بھی سیکھتے ہیں کہ ہمارے مشکل حالات میں خدا ہمارے گرد ان لوگوں کو لگتا ہے جنہیں ہمکو خدا کی محبت دکھانے کی ضرورت ہے۔







# روٹیشن سٹیشن

**سٹیشنز کی طرف جانے کے لئے ۳ گروپس میں تقسیم ہوں۔**

**گراج کرافٹ**



موٹر کراس عینکیں

ہر بچے کو تقسیم کریں:

- ایک کاغذ جس پر عینکیں بنی ہوں
- لال سیلوفین  کاغذ کی ایک شیٹ 18 cm x 3.5 cm
- ۵۰ سیٹی میٹر کا ربن یا دھاگا
- عینکوں کا سفید بیک گراونڈ کاٹیں اورکناروں پر لگا دیں۔
- اپنی عینکوں کو اپنی پسند کے رنگوں سے بھریں۔
- پچھلے حصے پر اپنا سیلوفین سٹرپ چپکائیں تاکہ وہ عینکوں کے درمیان والا حصہ ڈھانکے۔
- ربن کو سوراخوں میں باندھیں تاکہ وہ بچوں کے سر پر ٹھہر جائیں۔

## کھانے پینے کی چیزوں کا  سٹینڈ



**دل کی شکل کا سینڈوچ**

اجزا:

- سفید روٹی
- دل کی شکل کا بسکٹ کٹر یا ایک درمیانہ کاغذ والا دل
- ایک سڑا بیری جیم
- چھری (اگر آپکے پاس کُکی کٹر نہیں)
- پلاسٹک کا چمچ

ہدایات:

۱۔ کلاس کے لئے کافی مقدار میں

۲۔ بریڈ کے دلوں  کے آدھے  حصےپر جیم لگائیں۔

۳۔    دوسرا دل والا بریڈ کا ٹکڑا جیم والے بریڈ کے ٹکڑے پر رکھیں۔

تیار!! اب ہمارے پاس مزیدار سینڈوچ موجود ہے!!


## ڈرائیونگ کلاس

'ڈرائیونگ کلاس' میں خوش آمدید جہاں ہم اپنی سٹوڈنٹ بکس پر کام کریں گے۔ ہم کیوں نہ کلاس کا آغاز دن کا سبق دہرانے اور دن کی آیت کے ساتھ کریں؟ آئیں  آغاز کریں!!!









## سوال  اور جواب

۱۔ خدا بُرے لوگوں کو  دنیا میں سے ختم کیوں نہیں کر دیتا؟

خدا سب سے محبت رکھتا ہے  اور یہ توقع رکھتا ے کہ وہ اپنے بُرے کاموں سے باز آئیں اور اس کے پاس واپس آئیں۔  یہ چاہنا کہ خدا دنیا سے تمام بُرے لوگوں کا خاتمہ کر دے، بہت خطرناک بات ہوگیہم سب کے دلوں میں برائی چھپی ہے، تو ہم سب  اس خاتمے میں آئیں گے!!

۲۔ کیا ہمیں  سب کا دوست بننا ہے؟

ہمیں دوسروں سے محبت رکھنی ہے، سب کے اتھ اچھا رہنا ہے اور ان کا دوست بننا ہے۔ تاہم ، اگر کوئی   برائی جاری رکھے تو ہمیں اس سے دوستی نہیں رکھنی۔ ہمیں اپنے دشمنوں سے محبت رکھنی ہے لیکن ہمیں ہمیشہ ان کا دوست نہیں بننا۔

۳۔ کیا مجھے ہمیشہ دوسروں کو خود پر ترجیح دینی ہے؟

جی ہاں،  ہمیں ہمیشہ دوسروں کو خود سے بہتر سمجھنا ہے۔ اور اگر ہم مسیح کی طرح رہنا چاہتے ہیں تو ہمیں دوسرے لوگوں کی بھلائی کو اپنی بھلائی پر ترجیح دینی ہے۔

۴۔ نعومی کا اپنا علاقہ کونسا تھا؟

اسرائیل میں یہوداہ کا  بیت لحم

۵۔ نعومی کی دوسری بہو کا نام کیا تھا؟

عرفہ







| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ف | چ | ب | ی | ا | ل | ح | م | ھ | و | پ |
| ر | ٹ | پ | و | ب | ی | ع | چ | ج | ش | ی |
| م | م | ر | م | ح | س | ھ | ئ | م | ر | چ |
| ا | ع | ش | ج | م | ٹ | ل | ک | ع | س | ھ |
| ب | و | ع | ز | ر | ب | ع | و | ک | ب | ے |
| ر | ئ | ل | چ | و | پ | ی | ٹ | ر | ق | چ |
| د | ھ | م | ش | ج | د | ر | ئ | ن | ۳ | ل |
| ا | ک | ٹ | ھ | ا | ک | ر | ن | ا | چ | ن |
| ر | ٹ | ل | ش | ع | ن | ع | و | م | ی | ا |
| ی | ئ | ا | ٹ | ک | ی | ک | ل | ص | ف | ھ |

پزل

1. نعومی کے بیٹوں اور شوہر کو کیا ہوا؟ وہ مر گئے

2. نعومی نے روت اور عرفہ کو کیا پیشکش کی؟ انہوں نے کیا چنا؟


مواب میں رہنے کے لئے ۔ عرفہ مواب چلی گئی ۔ روت نعومی کے ساتھ رہی۔

3. روت ے اپنی محبت کا اظہار کیسے کیا؟


اس نے نعومی کی دیکھ بھال کےلئے اناج اکٹھا کیا۔

4. نعومی نے محبت کا اظہار کیسے کیا؟ اس نے روت کو اپنے گھر خوش آمدید کہا اور اس کے ساتھ رہنا چاہا۔

5. نعومی نے محبت کا اظہار کیسے کیا؟ اس نے روت کے نزدیکی قرابتی سے بات کی اور پھر اس سے شادی کی





تصویروں کو ترتیب دینے کے لئے
ڈبوں میں نمبر لکھیں۔




## فوری طور پر کھیلے جانے والے کھیل

**بھاگو!! (انفرادی)**



یہ ایک روائیتی کھیل کا نیا رخ ہے۔ 'ٹیگ'۔ اس کھیل میں ایک علاقے پر نشان لگانا ضروری ہے۔ اور ہر کونے میں ایک حصے پر نشان لگائیں جو محفوظ علاقہ تسور کیا جائے۔ (بیس یا پناہ گاہ)۔

کھیل میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

تمام حصہ لینے والے بچوں کو کھیل والے علاقے میں لایا جائے۔ ایک بچے کو منتخب کیا جائے کہ وہ دوسرے کا پیچھا کرے۔ جب استاد کہے، 'بھاگو'، تو اس مقررہ بچے کو سب کا پیچھا کرنا ہے، انہیں ٹیگ (چھونے) کے لئے، ایسا ہونے پر جس بچے کو چھوا گیا ہو اسے وہ کھیل چھوڑنا پڑے گا۔ سب کو بھاگنا ہے، کہ محفوظ مقام پر اپنے لئے جگہ لیں (بیس یا پناہ گاہ) کیونکہ اس جگہ پر وہ محفوظ ہونگے اور انہیں نکالا نہیں جا سکتا۔ جب سب محفوظ مقام میں پہنچ جائے تو ، استاد کو اونچی آواز میں دوبارہ کہنا ہے ، 'بھاگو'۔ ہر ایک کو دوسری پنا گاہ میں جانے کے لئے اپنی جگہ کو چھوڑنا ہے۔ اگر وہ اسی جگہ رہے تو انہیں کیل چھوڑنا پڑے گا۔ اگر وہ لائن یا مقررہ حد سے باہر نکل جائیں ، پھر بھی ان کو کھیل چھوڑنا پڑے گا۔ وہ بچہ جو نکالا نہ جائے ، وہ فاتح ہو گا۔

**بروم سوسر (ٹیم)**

اس کھیل میں آپ کو دو ٹیمیں، ۲ جھاڑو اور ایک گیند کی ضرورت ہے۔

۲ گول آوٹ بنائیں اور ہر ٹیم کو ایک دے دیں۔

دو ٹیمیں بنائیں جائیں اور ہر ممبر کو ایک نمبر دیا ہے۔


اس بات کی یقین دہانی کریں کہ ہر ٹیم میں برابر کے لوگ ہیں۔

صحن کے بیچ میں گیند اور جھاڑو رکھیں۔









جب  لیڈر کوئی نمبر پکارے، دونوں ٹیموں میں سے اس نمبر کے بچوں کو بھاگنا ہے، چھاڑو لینا ہے اور گیند کو مخالف گول می ڈالنا ہے۔

گیند کو صرف جھاڑو سے  ہلائیں۔

گول کرنے کے بعد، جھاڑو اور گیند لیکر اسے واپس بیچ میں رکھ دیں۔

لیڈر تب تک نمبر  پکارتا رہے گا جب تک سب کھیل نہ چکیں۔

جس ٹیم کے ذیادہ گول ہوں وہ جیتے گی۔

نوٹ: اگر آپ جھاڑو نہیں استعمال کرنا چاہتے تو  اسے ایسے کھیلیں جیسے آپ عام طور پر فٹ بال کھیلتے ہیں۔

## خلاصہ

چھٹیوں کے بائبل سکول میں ہمارا دن زبردست رہا!  ہمیں مزہ آیا اور ہم نے یکھا کہ کیسے روت نے اپنے ارد گرد کے لوگوں کے لئے محبت دکھائی،  وہ اپنے متعلق فکر کرنے ی بجائے دوسروں کے دھیان میں رہی۔ ہم نے سیکھا کہ یہ ایسے ہے جیسے ہم اپنی بائیک میں اینٹی فریز ڈالیں جو اسے غصے، خود غرضی، لڑائی جھگڑے اور  غلط فہمیوں کی وجہ سے ذیادہ گرم ہونے سے روکے گا۔ ہمیں اس ’اینٹی  فریز‘ کو ہماری زندگیوں میں ڈالنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم ریس جیت پائیں!۔



# قوت کی پہچان

بائبل کہانی: دانیل قوت کا تجربہ کرتا ہے ۔ دانی ایل ۶: ۱ سے ۲۸

## آیت

"اَے بچّو !تُم خُدا سے ہو اور اُن پر غالِب آ گئے ہو کیونکہ جو تُم میں ہے وہ اُس سے بڑا ہے جو دُنیا میں ہے۔ ' (۱ یوحنا ۴:۴)

## ڈرامہ

**مکینک اور سُپر ببلیکل**

•مکینک پوسٹ آفس میں موصول ہوئے ایک باکس کو لینے کے لئے چل رہا ہے۔ یہ ایک بڑا باکد ہے جس میں موٹر اور ایک گیس پمپ کے ساتھ کئی حصے شامل ہیں۔ پمپ اس کسٹمر کے لئے ہے جو اپنی موٹر سائیکل لایا کیونکہ اس کا گیس پمپ خراب ہو چکا تھا اور اس کو ایک نیا چاہئے تھا۔

•وہ تھوڑا پریشان ہو کر ہنستا ہے۔ پھر وہ ایک سُپر ہیرو کو خود سے بات کرتے دیکھتا ہے۔ وہ یہ انزادہ لگانے کی کوشش کرتا ہے کہ وہ کون ہے اور ساتھ ہی موٹر سائیکل کے پارٹس کا ڈبہ بھی دیکھتا ہے۔

•سُپر ہیرو جو ذہن پڑھ سکتا ہے ، کہتا ہے، 'میں سُ ُر ببلیکل ہوں اور میں چھٹیوں پر ہوں'۔ وہ تھوڑی دیر بات کرتے ہیں ور مکینک اس سے آٹو گراف مانگتا ہے۔ چونکہ سُپر یرو کے پاس ایکسرے وژن ہے اس لئے وہ دیکھ سکتا ہے کہ اس ڈبے کے اندر کیا ہے۔

•مکینک سُپر ہیرو کو خدا حافظ کہتا اور باکس کو اٹھانے کی کوشش کرتا ہے لیکن وہ بہت بھاری ہے۔ وہ اپنی ساری قوت ، اپنی لاتوں اور وہ سب جو اس کے ذہن میں آئے اس سے کوشش کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اگر وہ کہے تو سُپر ہیرو اس کی مدد کر سکتا ہے۔ مکینک سُپر ہیرو کی مدد نہیں مانگنا چاہتا کیونکہ وہ چھٹیوں پر ہے۔ ڈبے کو دوبارہ ہلانے کی کوشش میں وہ اسے ذرا سا ہلا تو لیتا ہے لیکن اس کی انگلی دب جاتی ہے اور وہ درد سے چلانے لگتا ہے۔ بالاآخر، وہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ وہ اسے نہیں اٹھا سکتا اور سُپر ہیرو کو خداحافظ بول دیتا ہے۔

• جانے سے پہلے سُپر ہیرو پوچھتا ہے کہ گیس پمپ کے متعلق مزاحیہ بات کیا تھی۔ مکینک بتاتا ہے کہ اس نے یہ نوٹس کیا کہ بائیک میں گیس ختم ہو گئی تھی اور اسے نئے گیس پمپ کی ضرورت نہیں تھی۔ وہ اس بچارے کسٹمر کے بارے میں سوچ کر ہنستے ہیں جس نے تمام ماہ موٹر سائیکل کے بغیر گزار دیا۔

•مکینک چلا جاتا ہےکیونکہ وہ ڈبہ اٹھا نہیں سکا۔ اس کے بعد سُپر ہیرو آتا ہے اور باآسانی ڈبہ اٹھا لیتا ہے اور کہتا ہے، 'مزاحیہ بات یہ ہے کہ وہ مدد مانگ سکتا تھا'۔

**قابلِ توجہ**

سپیکر: 'بریکس دبائیں!'

بچے: دو مرتبہ سٹومپ کرتے ہیں دائیں پیر سے

'ایر، ایر!' (بریک کا شور، ہاتھ کی ہتھیلی باہر کی طرف، پھر دوسرا ہاتھ ، پھر پہلا دوبارہ)

'سننے کے لئے تیار!' (ایک کان کی طرف اشارہ کریں، دوسرے کان کی طرف اشارہ کریں، انگوٹھے کا اشارہ)

## پیغام

وی بی ایس 'اپنے انجن سٹارٹ کریں' میں خوش آمدید!

ہم بس ختم کرنے پر ہیں تو ہمیں جاننے کی ضرورت ہے کہ کس کے باس قوت ہے اور کس کے پاس نہیں۔ آج ہم قوت کے متعلق سیکھیں گے! وہ قوت جو ان ریس والی موٹر سائیکلو ں کو اتنا تیز چلاتی ہے وہ ہے، گیسولین (پیٹرول)! اس کے بغیر، موٹر سائیکل خوبصورت تو ہو سکتی ہے لیکن بے سکت اور ہلنے جلنے کے لئے ناقابل۔ جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں گیسولین کو اموٹر سائیکل کے ایک ٹینک میں سٹور کیا جاتا ہے او چلتے ہوئے موٹر سائیکل اس کا استعمال کرتی ہے۔ اگر کبھی موٹر سائیکل میں گیس ختم ہو جائے اور اسے دوبارہ بھرا نہ جائے تو یہ بند ہو جائے گی۔ خدا کی قوت ہمری مسیحی زندگی میں گیسولین کی سی حیثیت رکھتی ہے۔

خدا ہے جو ہمیں آگے لیکر بڑھتا ہے اور ہمیں تقویت دیتاہے۔ یہ جان کر خوشی ہوتی ہے کہ ہم اپنی قوت پر نہیں چل رہے۔ وہ سب چیزیں جو زندگی کو دلچسپ بناتی ہیں وہ خدا سے جڑی ہوئی ہیں۔ یہ افسوس کی بات ہو گی کہ آپ ریس میں زندگی کے کسی مقام پر صرف اس لئے رک جائیں کہ آپکے ٹینک میں گیس ختم ہو گئی ہے!









کلام کے سب سے دلچسپ اصولوں میں سے ایک یہ ہے کہ ہمیں ہماری مسیحی زندگی اپنی قوت پر نہیں گزارنی ۔ اور درحقیقت ہم کر بھی نہیں سکتے! گلتیوں ۲:۲۰ کہتی ہے، 'میں مسیح کے ساتھ مصلوب ہوا ہوں اور اب میں زندہ نہ رہا بلکہ مسیح مجھ میں زندہ ہے'، اور پولس واضح طور پر اس مسئلے کو رومیوں کے خط کے ۷ با ب میں بیان کرتا ہے، 'اس موت کے بدن سے کون مجھے چھڑائے گا؟ اپنے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے خدا کا شکر کرتا ہوں۔'۔ ہمیں مکمل طور پر خدا کے طرح زندگی گزارنے کا ناممکن کام دیا گیا ہے، یہاں تک کہ ہمارے ارد گرد گناہ کی موجودگی میں۔ اس کی خوبصورتی یہ ہے کہ خدا ہمیں جانتا ہے، ہماری کمزوریوں میں بھی؛ اور وہ ہمارے لئے ہماری مدد کو آتا ہے! وہ ہمیں قوت دیتا ہے ان سب کاموں کو مکمل کرنے کی جو اس نے ہمارے سامنے رکھے ہیں۔ ہم اس کی قوت پر بھروسہ کر سکتے ہی! یہ بھی شادمانی کی بات ہے کہ ہمارا خدا سب خداوں سے بڑا ہے، ہمارے دشم شیطان اور اس کی ساری بدروحوں سے بڑا ہے۔ عارضی طور پر خدا نے شیطان کو اس زمین پر گھومنے پھرنے کی آذادی دی ہے لیکن خدا پھر بھی ہر جگہ ہے ، وہ ابھی بھی سب سے ذیادہ طاقتور ہے، بھلے ہی اس نے شیطان کو زمین پر تھوڑا سا اختیار دیا ہو۔ ہماری آج کے لئے آیت کہتی ہے، ' جو ہم میں ہے وہ اس سے بڑا ہے جو دنیا میں ہے۔'۔ آج ہم دانی ایل سے ملیں گے، بائبل کا ایک شخص جو خدا کی قوت کو عملی صورت میں دیکھ پایا!

ہمیں خدا کی قوت یا گیسولین سے کبھی خالی نہیں ہونا، بلکہ اس کے ساتھ جڑے رہنا ہے! اس کے ساتھ جڑے رہنے کے چند طریقوں میں سے ایک دعا، بائبل پڑھنا، چرچ جانا، اور ان لوگوں کو سننا جو خدا کی گواہی ہم سے شئیر کرتے ہیں۔ بہترین طریقہ ہے کہ اسکی طرف سے آپکی طرف براہ راست آئیں۔ کیا آپ نے حالیہ طور پر اپنا گیسولین ٹینک بھرا ہے؟

## آئس بریکر

### خفیہ کوڈ

کھلاڑیوں کو ۱، ۲،۳، ۴، ۵، میں سے ایک نمبر کا انتخاب کرنا ہے۔

انکے پاس اس بات کے لئے کوئی ہدایات نہیں ہیں کہ کونسا نمبر منتخب کرنا ہے؛ ہر کوئی چند لمحوں کے لئے اس پر سوچے گا اور پھر فیصلہ کریگا کہ کیا نمبر لینا ہے۔


انہیں باقی کھلاڑیو ں کو نہ بتانے کے غرض سے اسے اونچا نہیں بولنا ہے۔

کھلاڑی اپنی جگہ چھوڑ کر ، گھل مل جائیں گے اور بغیر کچھ کہے ایک دوسرے سے ہاتھ ملائیں گے۔

بچے اس صورت میں گروپ بنائیں گے جب انہیں اپنے نمبر کا کوئی اور بچہ ملے۔ یاد رہے کہ یہ کھیل خاموشی کا کھیل ہے۔ اگر کسی کھلاڑی نے نمبر ۱ منتخب کیا ہے تو وہ صرف ایک مرتبہ ہاتھ ملائے گا۔اگر آپ کا منتخب کردہ نمبر ۳ ہے تو اسے تین بار ہاتھ دبانا پڑے گا اور اس بات کا انتظار کرنا پڑے گا کہ دوسرا کھلاڑی بھی آپ کا ہاتھ دبائے تاکہ آپکو علم ہو کہ اس کا کیا نمبر ہے۔ اگر ان کا نمبر بھی وہی ہو تو وہ جوائن کر لیں گے اور اسی نمبر کے اور بچوں کو دیکھیں گے۔ کھلاڑیوں کو خاموش رہنا ہے۔ کھلاڑیوں کا پہلا گروپ جو اپنی ٹیم پوری کر لے گا وہ جیت جائے گا۔

## بائبل کا سبق

### دانی ایل قوت کا تجربہ کرتا ہے



۱۔ دانی ایل ایک جوان مرد تھا جسے بادشاہ کی خدمت کے لئے محل میں لے جایا گیا اور اپنے کام میں وہ بہت اچھا تھا کہ اسے افسر بنا دیا گیا۔ وہ ایماندار تھا اور خدا کا حکم ماننا اسے پسند تھا۔ ہر روز وہ اپنے کمرے کی کھلی کھڑکیوں میں خدا سے دعا کرتا ہے؛ وہ دن میں تین مرتبہ دعا کرتا ، نہ کہ صرف کھانے کے دوران ۔

خدا کے لفظ پر: اپنے دہنے ہاتھ کی پہلی انگلی سے اشارہ کریں، پھر اپنا ہاتھ کھولیں جیسے آپ اسے اپنے سینے کے سامنے لاتے ہیں۔



۲۔ بادشاہ دارادانی ایل کے کام سے بہت خوش تھا اور اس نے دانی ایل کو ہر چیز کا انچارج بنانے کا فیصلہ کیا۔ چند افسر کافی ناراض تھے کہ بادشاہ دارا نے دانی ایل کو مینجر(آدمیوں کے ناراض چہرے بنائیں) ہونے کے لئے چنا۔ ناراض افسروں نے دانی ایل پر نظر رکھنی شروع کر دی کہ اس میں کچھ ایسا ڈھونڈے کہ بادشاہ کو اس کے خلاف کریں لیکن انہیں کچھ غلط نہیں ملا! جب انہوں نے دانی ایل کو دن میں تین مرتبہ دعا کرتے دیکھا تو انہیں ایک زبردست خیال آیا ( اپنے سروں پر ایک بجلی کا بلب بنائیں)۔

ناراض کے لفظ پر: اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو ڈبل کریں اور انہیں اپنے چہرے سے دور لیکر جائیں۔









افسروں نے  بڑی عقلمندی سے شاہ ڈیورس کے نیا قانون بنوایا۔ قانون کے مطابق ۳۰ دن تک کوئی شخص سوائے  بادشاہ داراکے کسی اور خدا سے دعا نہیں کریگا۔  جس شخص نے ایسا کیا اسے شیروں کی ماند میں ڈال دیا جائے گا اور جیسا کہ سب جانتے ہیں کہ جنگلی شیروں کے درمیان کوئی بھی نہیں بچ سکتا۔ ناراض افسروں کو معلوم تھا  کہ  وہ شیر دانی ایل کو کھا لیں گے۔  انہوں نے آپس میں بات کرتے سوچا کہ کیا دانی ایل اپنے خدا سے دعا کرنا چھوڑ دے گا۔

شیر کے لفظ پر: اپنا دائیاں ہ سر کی طرف موڑ کراتھ ہلائیں؛ اپنے ہاتھ کو پیچھے کی طرف لے جائیں۔



۴۔ دانی ایل کو فوراً ہی نئے قانوں کا علم ہو گیا۔  دانی  ایل خود کو کمرے میں بند کر سکتا تھا یا کھڑکیاں بند کر سکتا تھا یا وہ ۳۰ دن تک خدا سے دعا کرنا چھوڑ سکتا تھا۔ لیکن دانی ایل کے لئے دعا بہت اہم تھی اور وہ خدا سے ایسے ہی دعا کرتا رہا جیسے وہ پہلے کرتا تھا (کھلی کھڑکیوں کے ساتھ  دن میں تین مرتبہ)۔ جیسے ہی ان ناراض افسران ے اسے دیکھا، وہ یہ خبر بادشاہ کو پہنچانے چلے گئے کہ دانی ایل نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے۔

قانون کے لفظ پر: اپنے دہنے ہاتھ کی کراس کی ہوئی انگلیوں کو اپنے بائیں ہاتھ کی لمبائی میں نیچے لائیں۔



بادشاہ دارا  بہت ناراض ہوا کیونکہ دانی  ایل نے قانون کی  حکم عدولی کی تھی لیکن چونکہ اس نے یہ جان لیا کہ ان افسران کے دانی ایل پر الزام لگانے کے لئے چال چلی ہے ۔ شیطان نے  انہیں ابھارا تھا اور یوں محسوس ہوا کہ وہ جیت گیا۔ بابل میں، بادشاہ نے ایک فیصلہ سنایا یہ اس کو  ماننا ہو گا اور اسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ بادشاہ دارا جانتا تھا کہ یہ احمقانہ قانون ایسے ہی پورا ہو گا کہ کوئی دعا نہ کرے۔ بہت افسردہ وہ دانی ایل کے پاس شیروں کی ماند میں گیا۔

دعا  کے لفظ پر: ہتھیلیوں کو سامنے سے چھوئیں؛ اپنے ہاتھو ں کو اپنے جسم کی طرف لے جائیں اور اپنے سر کو جھکائیں۔



۶۔ دارا بادشاہ نے دانی ایل کو گلے لگایا اور اسے کہا کہ ، ’میں امید کرتا ہوں  تمہارا خدا تمہیں ان بھوکے شیروں سے بچا سکتا ہے۔‘ اور اس کے بعد دانی ایل کو شیروں کی ماند میں پھینک دیا گیا۔ انہوں نے ماند کے منہ پر ایک بڑا پتھر سرکا دیا اور بادشاہ نے پتھر پر ایک سیل کر دی جسے کوئی نہیں توڑ سکتا تھا۔ اس رات، بادشاہ دانی ایل کے لئے بہت پریشان تھا؛ وہ  سو نہیں پایا۔ وہ تمام رات اپنے کمرے میں چہل قدمی کرتا رہا، اور یہ سوچتا رہا کہ کیا خدا اتھا طاقتور ہو گا  جو دانی ایل کو بچا سکے۔  بہت صبح بادشاہ ، ماند کی طرف گیا، سیل ہٹائی  ، اس کا دروازہ کھولا اور دانی ایل کے لئے چلایا۔ ’دانی ایل، کیا خدا نے تمہیں بچایا‘؟ پھر اس نے ماند سے آواز سنی ، ’جی ہاں، خدا نے مجھے شیروں سے بچایا‘۔ اس نے اپنے فرشتوں  کو حکم دیا کہ وہ شیروں کے منہ بند کردیں۔ بادشاہ نے سپاہیوں کو حکم دیا کہ دانی ایل کو شیروں کی ماند سے باہر نکالیں۔ دارا نے اس دن ایک اور اعلان کیا، کہ دانی  ایل کا خدا حقیقی خدا ہے۔ اور پھر اس نے ناراض افسران کو سزا دی۔

بادشاہلفظ پر: دائیں انگوٹھا، پہلی اور درمیانی انگلی کے درمیان؛ کندھے سے کمر تک آئیں۔

## روٹیشن سٹیشن


**سٹیشنز کی طرف جانے کے لئے ۳ گروپس میں تقسیم ہوں۔**

گراج کرافٹ










ہر بچے میں تقسیم کریں:
ایک پرنٹ ہوا گیس ٹینک
ایک نوزل
دو کاغذ کے ہاتھ
ایک ربن، ۳۵ سنٹی
ایک بلیک پائپ کلینر، ۳ برابر حصوں میں کاٹیں

- اپنے طالب علموں سے کہیں کہ ان ٹکڑوں کو اپنے پسندیدہ رنگوں سے بھریں
- دو پائپ کلینرز کو کونوں کے پچھلی طرف گلو سے چپکائیں تاکہ وہ اس کی بازو بن جائیں، ان بازو کے کونوں پر ہاتھ چپکا دیں
- دوسرا پائپ درمیان میں پچھلی طرف چپکائیں‌اور دوسرے کونے میں نوزل چپکائیں۔
- ربن کو ۴ حصوں میں تقسیم کریں اور انہیں پیچھے کی طرف چپکا دیں کہ وہ بال بن جائیں۔ قینچی کے ساتھ آپ کچھ کرل بھی بنا سکتے ہیں تاکہ یہ مزید اچھا دکھائی دے۔

## کھانے پینے کی چیزوں کا سٹینڈ



فلیورڈ واٹر بوتل
اجزا:
پانی کی ۱۲۰۰ ملی لیٹر کی بوتل
پانی کے لئے جمائکن فلیور یا ٹینگ فلیور کے پیکٹس
پرنٹ ہوئے کاغذ کی ایک سٹرپ جس میں بلیک اینڈ وائٹ چیکرڈ پرنٹ ہو (6cm by 15cm)
گلو سٹک یا کوئی اور گلو جو آپ کے پاس دستیاب ہو
کئی بھی کھانے پینے کی چیز

ہدایات:
۱۔ پانی کی بوتل کھولیں
۲۔ فلیور والا پیکٹ کھولیں
۳۔ پانی کی بوتل میں تھوڑا سا پاوڈر ڈالیں، بند کریں اور بوتل کو ہلائیں
۴۔ کاغذ کی سٹرپ کو بوتل کے درمیانی حصے میں چپکا دیں
۵۔ یہ آپکی مرضی پر منحصر ہے کہ بچے کو ڈرنک کے ساتھ کوئی کھانے کی چیز بھی دیں۔
فن سنیک سے لطف اندوز ہوں!!

## ڈرائیونگ کلاس

’ڈرائیونگ کلاس‘ میں خوش آمدید جہاں ہم اپنی سٹوڈنٹ بکس پر کام کریں گے۔ ہم کیوں نہ کلاس کا آغاز دن کا سبق دہرانے اور دن کی آیت کے ساتھ کریں؟
آئیں آغاز کریں!!!



## تصور کریں کہ آپ دانی ایل ہیں:

جوابات مختلف ہو سکتے ہیں لیکن پھر بھی درست ہو سکتے ہیں۔ یہاں چند مثالیں ہیں:

۵ چیزیں جو آپ دیکھ سکتے ہیں:
- ماند کی دیواریں
- شیر
- بادشاہ
- شیروں کے دانت
- فرار ہونے کا کوئی راستہ نہیں۔

۴ چیزیں جنہیں آپ چھو سکیں:
- شیر کے بال
- پتھر کی دیواریں
- میرا چہرہ تاکہ پسینہ جائے
- میرے پیروں کی انگلیاں۔

تین چیزیں جو آپ سن سکتے ہیں:
- شیروں کے خراٹے
- باہر کی ہوا
- میرا خوفزدہ سانس

دو چیزیں جنہیں آپ سونگھ سکتے ہیں:
- ،میرا پسینہ
- !اور شیروں کی بدبو

:ایک چیز جو آپ سوچ رہے ہیں
- میرا خدا بہت طاقت والا ہے!

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| د | ا | ن | ی | ا | ی | ل | ظ | ش | ہ | خ |
| ع | ش | ھ | ت | خ | ڑ | ف | ت | د | ی | ط |
| ل | ک | ف | د | ا | م | ن | ب | ظ | ت | ر |
| ب | ھ | ا | ن | ا | ب | ھ | ر | و | س | ہ |
| ہ | ڑ | خ | ن | ع | د | ک | ا | ف | ھ | ڑ |
| ا | ک | د | ن | ل | ڑ | ب | ر | ح | ش | ن |
| د | ی | ھ | ف | ی | خ | ش | ت | م | ک | د |
| ر | ا | ن | ر | ک | ت | د | ا | ب | ع | ن |
| ڑ | ں | ھ | ع | ہ | ب | ف | ظ | ا | ش | ا |







## سوال اور جواب

۱۔ اگر ہمیں ایسا محسوس ہو کہ خدا دور ہے تو کیا کیا جائے؟

خدا پر اسوقت یقین رکھنے کے لئے ایمان کی ضرورت ہے جب ہم اسے دیک نہ سکیں یا محسوس نہ کر پائیں۔ تاہم، بھلے ہی ہم جیسے بھی محسوس کریں خدا وہاں موجود ہے، وہ ہم سے پیار کرتا ہے اور اسے ہمارا خیال ہے۔

۲۔ خدا بری چیزیں کیوں ہونے دیتا ہے؟

ہماری روحانی ترقی کے لئے اور اس لئے کہ ہم دوسروں کے لئے ایمان کا باعث بنیں(ہم ذیادہ نہیں سمجھ پاتے جب تک کہ ہم اس تجربے سے نہ گزریں۔ جب گناہ دنیا میں آیا تو اس نے سب کو متاثر کیا۔ خدا مسیحیوں کے گرد بڑی دیوار نہیں لگاتا۔ ہم اس دنیا میں رہتے ہیں، ہم ایک ہی سیارے پر رہتے ہیں، اور ہمیں ایک دوسرے کی مدد کرنے کے لئے تیار اور دستیاب رہنا چائیے۔

۳۔ کونسی چیزیں آپکو ڈراتی ہیں؟

مختلف چیزوں کے متعلق بات کریں، مکڑیوں سے لیکر کسی دوسر ے سکول میں جانے تک۔ انہیں پرسکون ہونے میں مدد کریں‌تاکہ وہ اپنے خوف شئیر کر پائیں۔ ہر خوف کا جواب لینے کی کوشش نہ کریں۔ بس سنیں اور انہیں شئیر کرنے دیں۔








۴۔ شاہ ڈیورس نے دانی ایل کو شیروں کی ماند میں پھینکنے کے بعد کیا کیا؟
روزہ رکھا۔
۵۔ دای ایل کت بعد شیروں کی ماند میں کس کو پھینکا گیا؟
وہ اشخاص جنہوں نے دانی ایل پر الزام لگایا۔

## فوری طور پر کھیلے جانے والے کھیل


**کالا جھنڈا (انفرادی)**

(لندن برجز کا مختلف ورژن)



۱۔ بچے جتنا ہو سکت اتنا بڑا دائری بنائیں۔
۲۔ سانے اور ہاتھ پکڑے ہوئے دو بچے ایک پُل بنائیں گے یا اپنی اٹھائی بازووں کے ساتھ ایک سرنگ
۳۔ موسیقی کے ساتھ ، بچے ایک سمت میں اس سرنگ سے گزریں گے۔
۴۔ کھیل کو لے کر چلنے والا جب یہ چلا کر کہے گا کہ ' کالا جنڈا'، تو موسیقی رک جائے گی۔ جن دو بچوں نے سرنگ بنائی ہوگی اپنی بازو نیچے کر لیں جو کسی ایک بچے کو پکڑ لے گی۔
۵۔ جب دو بچے ایک سرنگ میں پکڑے جائیں تو وہ اس سرنگ سے ہٹ کر اپنی ایک الگ سرنگ بنائیں گے۔
۶۔ سرنگیں تب تک بنیں گی جب تک کوئی جیت نہ جائے۔
نوٹ: آپ دیگر طریقوں سے کھیل کو دلچسپ بنا سکتے ہیں، موسیقی بدلنے سے، گھومنے کی سمت بدل کر، ایک پیر پر چھلانگ لگا کر، پیچھے کی طرف جا کر، وغیرہ۔

**سیف زون ٹیم (ٹیم)**



تمام ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ہر ٹیم کو ایک غبارہ دیں۔ ہر ٹیم میں برابر کے لوگ ہونے چاہئیں۔
ہر ٹیم کو قطار میں ہونا چاہئے اور ٹیموں کے درمیان فاصلہ ہونا چاہئے۔
جب ڈائریکٹر شروع کرنے کو کہے تو وہ غبارے کو سامنے سے پیچھے کی طرف پاس کرینگے۔
پہلا انہیں اپنے سر کے اوپر سے پاس کرے گا، دوسرا اپنی ٹانگوں کے نیچے سے، اور اسی طرح چلے گا جب تک کہ غبارہ لائن کے آخر تک نہ پہنچ جائے۔
جب آخری بچے کے پاس غبارہ ہو تو وہ پیچھے کی طرف بند آنکھوں سے چلیں گے اور کوشش کریں گے کہ قطار کے شروع میں آئیں۔ ٹیم صرف سمت بتاتے ہوئے مدد کریگی۔
جب بچہ آگے پہنچ جائے، دوبارہ چکر شروع کریں۔
وہ ٹیم جو پہلے یہ پورا چکر مکمل کر لے جیت کی حقدار ہو گی۔

## خلاصہ

چھٹیوں کے بائبل سکول میں ہمارا دن کتنا پُر لطف رہا!! ہم نے یہ سیکھتے ہوئے بہت مزہ کیا کہ کیسے خدا نے شیروں سے دانی ایل کو بچایا! اسی طرح، ہمارے انجنوں میں بغیر 'گیس' کے ، خدا کی قوت کے بغیر، ہم کہیں نہیں جا سکتے! لیکن اپنے اندر یسوع مسیح کی طاقت سے ہم خدا کے لئے بڑے بڑے کام کر سکتے ہیں ، ایک تیز رفتار ریس دوڑتے ہوئے کہ ہم جیت جائیں۔



# ناقابلِ تردید نجات

بائبل کہانی: یسوع ہمیں بچاتا ہے، ۲۷:۳۲ سے ۲۸:۱۰

## آیت

'میں نے تم کو جو خدا کے بیٹے کے نام پر ایمان لائے ہو یہ باتیں اس لئے لکھیں کہ تمہیں معلوم ہو کہ ہمیشہ کی زندگی رکھتے ہو'۔ ( ۱یوحنا ۵: ۱۳)

## ڈرامہ

**ڈرائیور**

قابلِ توجہ

'آپکو کون بچاتا ہے؟'

بچے: تالہ تالی تالی

'یسوع'(اوپر دائیں جانب اشارہ، اوپر بائیں جانب اشارہ)

- میکس ایک ریسر ہے اوروہ ایک بہت اہم ریس کے درمیان میں ہے۔ وہ اپنے چیف مکینک سے ریس کی تفصیلات پر بات کرنے کے لئے ریڈیو کا استعمال کر رہا ہے۔ میکس کہتا ہے: ' جی ہاں، میں دیکھتا ہوں۔۔میں کم سے کم ایک مدت کے لئے ہلکی رفتار کرونگا،' وہ شیشے میں دیکھتا ہےاور رفتار ہلکی کر دیتا ہے۔
- اسی وقت ایک اور مکینک جسے ہم جانتے ہیں ، وہ میکس کے مکینک کے قریب ہے، اپنا سر بار بار اٹھانا شروع کرتا ہے تاکہ بچے اسے دیکھ پائیں، لیکن وہ احتیاط برت رہا ہے تاکہ میکس کا مکینک سے دیکھ نہ پائے۔ میکس صورتحال کو جانچتا اور چیف مکینک سے پوچھتا ہے کہ اب کی کیا جائے۔
- چھپا ہوا مکینک ایک اور ریڈیو لیتا اور بات چیت میں خلل پیدا کر دیتا ہے اور ریس دیکھتے ہوئے اونچی آواز میں اپنی رائے میکس کو بتاتا ہے۔ میکس ڈر جاتا اور مکینک کو یہ بتانے کے لئے اس سے رابطہ کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ کوئی اور بھی ریڈیو پر ہے۔
- مکینک اس بچارے میکس کو ہدایات دینے لگتا ہے جو اپنے استاد کی بات سننے کی کوشش کر رہا ہے لیکن سمجھ نہیں پا رہا کیونکہ ایک ہی وقت میں اسے دو لوگوں کی آواز آ رہی ہے۔
- دوسرا مکینک ایسے بات کرتا ہے جیسے اسے ریس کی تفصیلات معلوم ہوں اور یہ کیسے موٹر سائیکل کو ہینڈل کرنا ہے، لیکن میکس نے بطور ریسر اپنا تجربہ بتانا شروع کر دیا اور اپنے چیف مکینک کا بھی۔ دوسرا مکینک کہتا ہے کہ اسے بھی علم ہے کیونکہ اس نے ٹی وی پر بہت ریس دیکھی ہیں اور یہ کو وہ بھی میکس کے استاد جیسا ہی ہے۔ ۔
- ڈرامے میں اس موقع پر، دوسرا مکینک بہت مہارت دکھانے کی کوشش کرتا ہے لیکن پھر وہ اپنی آواز کو اس طور سے بلند کرتا ہے کہ وہ میکس کے استاد کی آواز کے برابر ہو جائے تاکہ میکس اس کی آواز کو سنے۔ ۔
- میکس چلاتا ہے کہ وہ یہ سب اور برداشت نہیں کر سکتا اور یہ کہ وہ صرف اپنے چیف مکینک کی آواز ہی سنے گا ، اور کسی کی بھی نہیں ۔ اس کے ساتھ ہی میکس اسے پاس جا کر اس کے ہاتھ سے ریڈیو لے لیتا ہے۔ فوری طور پر، دوسرا مکینک میکس کا آٹو گراف مانگتا ہے۔ میکس اس پر چلاتا اور فوراً ریس کی طرف واپس چلا جاتا ہے۔

## پیغام

موٹر سائیکل ریسنگ میں، یہ بہت اہم ہے کہ ٹیم کا کوئی استاد ہو۔ بائیکس کے مالک ہوتے ہیں، سپانسر ہوتے ہیں اور انکے پاس ٹیم کے لئے استاد بھی ہوتے ہیں۔ ایسے شخص کو اس کی صلاحیت اور ساکھ کی بنیاد پر منتخب کیا جاتاہے۔ ایک اچھا موٹر سائیکلر اپنے استاد کے بغیر ریس نہیں جیت سکتا کیونکہ وہ ریس کرنے والے کو صحیح فیصلے لینے میں مدد کرتا ہے اور مکمل تصویر دیکھ سکتا ہے۔ یہ کا اطلاق ہماری مسیحی زندگی پر کیسے ہوتاہے؟



آج ہم نجات کے بارے میں سیکھیں گے۔ یسوع مسیح کے نجات کے تحفے کو قبول کرنے کا کیا مطلب ہے؟ اسکا مطلب ہے کہ ہم اپنی زندگیاں اسے دے دیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم اسے اپنی زندگی کا سربراہ بنا لیں۔ یہ ایسے کہ ہم یسوع کو اپنی ٹیم کا سربراہ بننے کو کہیں۔ ہم مانگیں کہ وہ ہماری زندگی کی ذمے داری لے تاکہ ہم اپنے مستقبل پر بہتر قابو رکھ پائیں۔

خدا نے ہمیں تخلیق کیا، ہمیں زمین پر رکھا لیکن ہمارے ارد گرد گناہ ہے۔ ہم نہ بھی چاہیں تو بھی ہم میں سے بہت ہر روز گناہ کرتے ہیں، چھوٹے سے لیکر بڑے گناہ۔بائبل واضح طور پر کہتی ہے کہ ہمارے گناہ کی سزا موت ہے (رومیوں ۶:۲۳)! تو ہمارا کیا ہوگا؟








جب آپ غلط کام کرتے ہیں، اس کا مطلب نہیں کہ آپ اسی وقت مر جائیں گے! اس کا مطلب ہے کہ آپ کے مرنے پر اس کا حساب ہو گا اور برے کام کرنے پر ہمیں شیطان کے ساتھ سزا میں بھیجا جائے گا۔ یہ سوچ کر ڈر لگتاہے لیکن یہ ہماری سوچ سے کہیں ذیادہ ہے! تاہم خدا رحیم ہے اور اس نے ایک منصوبہ بنایا کہ وہ اپنے بیٹے کو اس دنیا میں بھیجے جو ہمارے گناہوں کی خاطر صلیب پر قربان ہو۔ اس کی موت ہماری جگہ ہوئی! درحقیقت ہم آج یہ متاثر کن کہانی سننے جا رہے ہیں!

لیکن ہم کیا کر سکتے ہیں؟ ہمیں صرف اپنے گناہوں کو ماننا اور اس بات کا یقین کرنا ہے کہ یسوع نے جو کہا وہ وہی ہے، یعنی کہ خدا بیٹا۔ جب ہم اپنے گناہ مان لیتے اور ایمان لاتے ہیں تو ہم بدلے میں تحفہ پاتے ہیں ۔ نجات! اس کا مطلب ہے کہ ہم نے جہنم کی ابدی سزا کے 'نجات' پائی اور ہم ہمیشہ کے لئے مسیح کے ساتھ ابدیت میں خوشی منائیں گے! یہ خوش خبر ی ہے!

کیا آپ نے کبھی کچھ دیکر واپس لیا ہے؟ ہم ایسا خدا کے ساتھ ہمیشہ کرتے ہیں ۔ ہم کہتے ہیں، 'میں وہی کرونگا جو تو مجھ سے چاہتا ہے'، پھر جب ہم سکول جانا شروع کرتے ہیں ہم وہ کرتے ہیں جو ہمیں اچھا لگے بجائے خدا کی پسند کے۔ جب ہم یسوع کو اپنی زندگی کا لیڈر بننے کو کہتے ہیں تو ہمیں اسکے ہاتھ میں خود کو چھوڑ دینا ہے! ہماری زندگیاں ایسا کرنے سے بہت بھلی ہو جائیں گی، ہمیں کریش ہونے کے امکان کم ہونگے، ساتھ ہی ہم ریس جیت سکتے ہیں! چلیں یسوع کو ٹیم لیڈر بنا لیں!

## آئس بریکر کھیل

**سلام دعا اور سوال جواب کا چکر**




لڑکے، لڑکیاں، طالب علم

دو دائرے بنائیں، ایک کے اندر دوسرا(عمر اور قد، آپ طالب علموں کو مکس کر سکتے ہیں)۔ اگر آپ چاہیں تو یہ کھیل بغیر دائروں کے بھی کھیلا جا سکتا ہے۔

مخلاف سمتوں میں دو دائرے ، جب موسیقی چلتی ہے۔ جب موسیقی رک جائے تو ہر کوئی اپنے سامنے والے کا ساتھی بن کر اسے 'ہیلو' کہے گا اور اپنا نام بتائیں گے اور ذیل میں سے ایک کا جواب دینگے۔

- آپکی پسندیدہ خوراک کیا ہے؟
- کیا آپ سبق دوئم کی بائبل کی آیت بتا سکتے ہیں؟
- وی بی ایس میں آپ کا پسندیدہ بائبل کا کردار کونسا ہے؟
- وی بی ایس میں آپ کی پسندیدہ سرگرمی کونسی ہے؟
- کیا آپ وی بی ایس میں کسی نئے شخص سے ملے؟ اس کا نام بتائیں۔

ا عمل کع دہرائیں، موسیقی کا آغاز کریں اور اسے روکیں کہ بچوں کے نئے جوڑے بنیں اور وہ ایک دوسرے سے سوال پوچھیں۔


## بائبل کا سبق

**یسوع مسیح ہمیں بچاتا ہے**



۱۔ یسوع کے دوست خوفزدہ اور اداس تھے۔ ایک رات پہلے، غصے سے بھرے آدمیوں کی ایک بھیڑ نے یسوع کو گرفتار کر لیا تھا اور اسے لے گئے تھے۔ یسوع مسیح کو موت کی سزا ہوئی تھی أ حالانکہ یسوع نے کچھ غلط بھی نہیں کیا تھا۔

یسوع کے لفظ: اپنی ہتھیلیوں کو چھوئیں اپنی مخالف درمیانی انگلیوں سے۔



۲۔ رومی سپاہیوں نے یسوع سے اس کی پیٹھ پر صلیب اٹھوائی، انھوں نے اسے اتنی بری طرح مارا بھی کہ وہ چل بھی نہیں پا رہا تھا۔ جب وہ صلیب دینے کی جگہ پہنچےسپاہیوں نے یسوع کو صلیب پر لٹکادیا۔ جسمانی تکلیف سے بڑھ کر لوگوں اس پر چلا رہے تھے ، انہوں نے اس پر تھوکا اور اسکے ساتھ برا رویہ رکھا۔ یسوع نے ہم سے اتنا پیار کیا کہ اس نے گناہ سےہماری رہائی کے لئے صلیب پر اپنی موت تک یہ سب زخم اور سزا برداشت کی، حالانکہ وہ انہیں روک سکتا تھا۔ جلد ہی اندھیرا ہو گیا حالانکہ ابھی دن ہی تھا۔ اس کے بعد ایک زلزلہ آیا ، اس کے چند لمحے بعد یسوع نے صلیب پر اپنی جان دے دی۔ یہ خوفناک بات تھی!


صلیب کے لفظ پر: اندر کی طرف دائیں ہاتھ موڑ یں ل اور پھر بائیں سے دہنی طرف




۳۔ یسوع کو مرنے کے بعد ایک قبر میں رکھا گیا۔ تین دن بعد، پو پھٹنے پر کئی عورتیں قبر پر آئیں، جب وہ قبر پر پہنچی تو انہوں نے قبر کے منہ پر پڑا بڑا پتھر لڑھکا ہوا دیکھا۔ عورتیں حیران ہوئیں!
عورت کے لفظ پر: کھلے ہوئے دہنے ہاتھ کا انگوٹھا ٹھوڑی اور سینے کو چھوئے



۴۔ عورتوں میں سے ایک، مریم کو سمجھ نہیں آئی کہ خالی قبر سے وہ کیا مطلب لے۔ لہٰذا وہ دوڑتی ہوئی پطرس اور یوحنا کے پاس گئی جو یسوع کے دوست تھے۔ جب اس نے انہیں بتایا، وہ بھی قبر کی طرف بھاگے۔ اندر داخل ہونے پر انہوں نے یسوع کو نہیں پایا۔ قبر میں بدن موجود نہیں تھا! یوحنا اور پطرس کو علم نہیں تھا کہ کیا ہوا ہے۔
قبرلفظ پر: سیدھے ہاتھ کندھوں سے درمیان میں لائیں۔



۵۔ مریم جس نے انکا قبر تک پیچھا کیا، روتی رہی۔ جب وہ دوبارہ قبر میں داخل ہوئی تو وہ خالی تھی لیکن وہاں دو فرشتے تھے جنہوں نے اس سے کہا، 'تو کیوں روتی ہے؟' مریم نے فرشتوں کو جواب دیا: 'کیونکہ یسوع کا بدن یہاں نہیں ہے'، اس نے انہیں بتایا، 'میں نہیں جانتی کہ وہ یسوع کو کہاں لے گئے ہیں'۔ جب وہ فرشتوں کے پاس سے چلی گئی، مریم کا سامنا ایک شخص سے ہوا لیکن اس نے سوچا کہ وہ مالی ہے۔
فرشتے کے لفظ پر: کندھے پر انگلیوں کے کونے؛ ادھر اُدھر کریں اور اوپر نیچے کریں۔



۶۔ پھر اسے ایک آواز سنائی دی، 'مریم!' وہ فوراً آواز پہچان گئی ۔ وہ یسوع تھا۔ وہ بالکل اس کے سامنے تھا، اور زندہ تھا۔ یسوع نے اسے باقی سب کو جا کر بتانے کو کہا، وہ خوشی سے دوڑی، چلاتی ہوئی کہ ی'یسوع زندہ ہے، میں نے اسے دیکھا ہے۔' سب حیران تھے۔ اس سے پہلے جو یسوع نے انہیں بتایا وہ سچ تھا۔ خدا کا منصوبہ بھلا تھا۔ بعد میں، یسوع اپنے دوستوں کو دکھائی دیا اور ان سب نے دوسروں کو خوش خبری سنانی شروع کر دی کہ یسوع زندہ ہے!
زندہ لفظ پر: انگوٹھے اور سامنے کی انگلیاں پھیلا کرہاتھوں کو جسم پر اوپر کی طرف لے جائیں۔

ٹیچر: یہاں بچوں کو یسوع مسیح کو قبول کرنے کی دعوت دینے کا اچھا موقع ہے۔ ان سے پوچھیں کہ کیا و ہ مسیح کو اپنا نجات دہندہ مانتے ہیں۔ اسے بارہا کرے تاکہ انہیں جواب دینے کا موقع ملے اور پھر انہیں اپنے پیچھے یہ دہرانے کا موقع دیں: 'خداوند یسوع مسیح، میں تجھے اپنا نجات دہندہ مانتا ہوں۔ میں مانتا ہوں کہ میں نے تیرے خلاف گناہ کیا۔ میں تیرا حکم ماننا چاہتا، اور تجھ سے اور دوسروں سے محبت رکھنا چاہتا ہوں۔ میں خود میں تیری قوت مانگتا ہوں۔ میں تجھے اپنی زندگی دینا چاہتا ہوں۔ تو میرا استاد ہے۔ برائے مہربانی آ اور میرے دل میں رہ۔ شکریہ ، خداوند، آمین۔'

## روٹیشن سٹیشن

**سٹیشنز کی طرف جانے کے لئے ۳ گروپس میں تقسیم ہوں۔**

کھانے پینے کی چیزوں کا سٹیشن



پوپ کارن کون :

- پوپ کارن کا ایک بیگ
- کاغذ کی ایک نارنجی شیٹ

گلو سٹک یا ایڈ حیسو ٹیپ

ہدایات:

1. کاغذ کی شیٹ کو تکون کی صورت میں فولڈ کر کے اس کے اضافی کونے کاٹ دیں۔
2. دائیں کونے کا اوپری کونہ نچلے دائیں کونے سے ملائیں، تقریباً ۲ سینٹی میٹر کا اوور لیپ کرتے ہوئے تاکہ اس چکور کو گلو کے ساتھ کون میں جوڑا جائے۔
3. کون بنانے کے لئے اضافی حصے کاٹیں

کون کو پوپ کارن سے بھر دیں

تیار ہیں! ! اب یہ ریس سے لطف اندوز ہونے کا وقت ہے۔




## گراج کرافٹ




**میڈل**

ہر طالب علم میں تقسیم کریں:

پرنٹ ہوئے میڈل کے ساتھ ایک شیٹ

پرنٹ ہوئے میڈل کی بیس کے ساتھ ایک شیٹ

فی بچہ تھوڑا سا گلٹر

میڈل:

- ٹائر کے نشان والی اور دو دائروں کی آوٹ لائن تراشیں، اس بات میں احتیاط برتتے ہوئے کہ فلیپس کو تراش نہ دیں۔ پھر ان میں رنگ بھریں۔
- مستطیل کے ٹیبز کو ۹۰ ڈگری پر فولڈ کریں
- تھوڑی سی گلو کے ساتھ، ٹیب کو ایک سائیڈ پر چپکائیں جو دائرے کی پچھلی طرف ہو، دوسرے دائرے کے ساتھ بھی یہی کریں تاکہ آپکو تھری ڈی میڈل ملے۔
- اسے گلٹر سے سجائیں۔

بیس

- اپنے کاغذ کی شیٹ کو پرنٹ ہوئی بیس کے ساتھ لیں، مسطتیل کو درمیان سے کاٹیں، نقطے والے حصے کو فولڈ کر کے رنگ کریں۔
- نوٹ کریں کہ کونوں میں دو تکون ہیں۔ انہیں اندر کی طرف جوڑ کر گلو سے جوڑ دیں۔
- آخر میں ، اس میڈل کو اس جگہ رکھیں جو آپ نے کاٹی ہے۔

## ڈرائیونگ کلاس


'ڈرائیونگ کلاس' میں خوش آمدید جہاں ہم اپنی سٹوڈنٹ بکس پر کام کریں گے۔ ہم کیوں نہ کلاس کا آغاز دن کا سبق دہرانے اور دن کی آیت کے ساتھ کریں؟

آئیں آغاز کریں!!!










| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ج | ے | ہ | ا | ت | ی | ج | ا | ص | ی | ث |
| ل | ص | ی | چ | ب | س | ع | پ | د | م | خ |
| م | ل | پ | ٹ | ا | و | ر | ب | ھ | ق | د |
| د | ی | و | پ | ر | ع | ا | گ | ب | ر | ا |
| س | ب | چ | ص | م | ل | د | چ | ی | ب | چ |
| ت | م | ھ | ع | ج | ی | ا | ب | ٹ | ا | ل |
| ی | ٹ | ن | ی | و | ج | پ | ہ | ا | ن | گ |
| ا | ن | ا | ل | ن | ا | م | ی | ا | ی | ص |
| ب | ص | ل | ت | ا | ج | ن | ٹ | ج | م | پ |


کیا آپ نے آج دھیان سے کہانی کو سنا؟ آپکے پاس ان تمام الفاظ کو لکھنے کے لئے ایک وقت ہے جو آپ نے آج کے سبق میں سے۔

استاد: جیتنے والا بچہ وہ ہو گا جس کے پاس سب سے ذیادہ لفظ ہوں۔ متبادل طور پر انہیں ان لفظوں کا کاٹنے میں مدد کریں کوجو دیگر بچوں نے سوچے ہیں اور جس کے پاس سب سے ذیادہ باقی رہ گئے وہ جیت جائے گا۔

یسوع، مصلوبیت، صلیب، نجات، گناہ، رونا، سانس لینا، ناخن، الزام لگانا۔







**سوال اور جواب**

ابدیت کا کیا مطلب ہے؟ ایسا کیسے ممکن ہے کہ ہم ہمیشہ زندہ رہیں؟

ابدیت میں کوئی وقت نہیں ہے؛ یہ موت کے بعد لامحدود زندگی ہے۔ بائبل کہتی ہے کہ ہم ابدی ہیں اور ہم جنت یا جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہم زمین پر کسی دوسرے شخص یا وجود کی صورت میں کبھی واپس نہیں آئیں گے جیسے کہ کچھ لوگ مانتے ہیں ، بلکہ جب ہم مریں گے تو زمین کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیں گے۔

۲۔ سب یسوع مسیح پر ایمان کیوں لاتے ہیں؟

خدا نے انسان کو ایمان لانے یا نہ لانے کا انتخاب کرنے کا حق دیا ہے کیونکہ وہ چاہتا تھا کہ ہم آذاد مرضی کے مالک ہوں اور بغیر انتخابات کے روبوٹس کی طرح نہ ہوں۔ کچھ لوگوں نے یسوع کے متعلق اتنا نہیں سنا کہ انہیں ایمان لانے کا مطلب پتا ہو۔ دیگر نے بہت سنا لیکن اس پر نا ایمان لانے کا فیصلہ کیا۔ بہت سے لوگ اس لئے یسوع پر ایمان لانا نہیں چاہتے کیونکہ ایسا کرنے سے انہیں اپنے طور طریقے تبدیل کرنے ہونگے۔
۳۔ خدا ہم سے کیسے بات کرتا ہے؟آخری بار کیا بات تھی جو اس نے آپ سے کہی؟

خدا اپنے کلام ، بائبل کے ذریعے ہم سے بات کرتا ہے۔ آیات کبھی کبھار ایک صفحے سے ’نکل کر‘ آتی ہیں جو کسی خاص وقت سے تعلق رکھتا ہو۔ خدا لوگوں کو بھی استعمال کر سکتا ہے جیسے کہ انسٹرکٹر، پاسٹر اور استادو ں کو کہ وہ آپ سے بات کرے۔ خدا آپ سے براہ راست بات کر سکتا ہے ، اس وقت جب آپ کو اندر سے محسوس ہو کہ آپ کو رک جانا چاہئے اور کسی کی مدد کرنی چاہئے اور کسی خاص شخص، صورتحال یا جگہ سے دور رہنا چاہئے۔

۴۔ یسوع مسیح کے مرنے سے پہلے زمین پر کیا ہوا؟

اندھیرا جلدی ہو گیا اور ایک زلزلہ آیا۔

۵۔ یسوع کی قبر میں داخل ہونے والے پہلے شاگرد کون تھے ، جنھوں نے دیکھا کہ وہ قبر میں نہیں ہے؟

پطرس اور یوحنا

## فور طور پر کھیلے جانے والے کھیل

**جلے ہوئے (ٹیم)**


15x15 meters کا ایک چکور بنائیں۔ بچوں کو ۴ ٹیموں میں ایسے تقسیم کریں کہ ہر ٹیم میں برابر کے لوگ ہوں ۔ ہر ٹیم اپنی چکور کے اپنی طرف کھڑی ہو گی۔ ہر بچے کو ایک نمبر دیں۔ مثلاً ٹیم میں کسی کو ۱ نمبر اور دوسری ٹیم میں کسی ھو نمبر ۲ وغیرہ۔ چکور کے درمیان میں ایک گیند رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ گیند بہت سخت نہ ہو کیونکہ اس سے بچے ایک دوسرے کو ماریں گے۔


استاد کوئی سا بھی نمبر پکارے گا اور اس نمبر کے ساتھ دونوں ٹیموں والے بچے چکور کی طرف بھاگیں گے۔ وہ بچہ جو پہلے گیند اٹھا لے گا وہ اپنی ٹیم کے لئے پوائنٹ جیت لے گا۔ پھر وہ چکو رکے باہری طرف دیگر ٹیموں کے بچوں کو مارنے کے لئے گیند پھینکیں گے۔ اگر وہ کامیاب ہو جائیں تو انہیں اپنی ٹیم کے لئے ایک اور پوائنٹ مل جائے گا۔

پہلی مرتبہ گیند پھینکنے کے بعد چکور کے بیچ میں کھڑے چار بچے گیند کے پیچھے بھاگیں گےاور مخالف ٹیموں کی طرف پھینکیں گے۔ یہ ۵ سے ۷ منٹ کی سرگرمی ہو گی۔

جب یہ وقت گزر جائے بچے چکور کے بیچ میں گیند کو چھوڑ دیں گےاور اپنی ٹیموں میں واپس چلے جائیں گے۔ استاد دوبارہ کھیلنے کے لئے ایک اور نمبر پکارے گا۔

سکور کا حساب رکھیں تاکہ معلوم رہے کہ جیتنے والی ٹیم کونسی ہے۔




**صحیح / غلط (انفرادی)**

فرش یا زمین پر ایک حصے میں نشان لگائیں۔ اس کی ایک طرف کو صحیح اور دوسری کو غلط کہیں گے۔

پہلے سے وی بی ایس اور بائبل کی کہانیوں کے مختلف موضوعات سے صحیح اور غلط کے بیانات تیار کریں۔

اس کھیل میں اسباق سے متعلق چیزوں کا تذکرہ کریں۔

اگر طالب علموں کو لگے کہ یہ بیان درست ہے تو وہ درست نشان کی طرف جائینگے، اور اگر انہیں لگے کہ غلط ہے تو وہ غلط نشا ن والی طرف جائینگے۔

جو بچے غلط جواب دیں وہ کھیل سے باہر ہو جائیں گے۔

جو بچہ آخر تک رہے وہ فاتح ہو گا۔

## خلاصہ

کتنا مزے کا چھٹیوں کا بائبل سکول رہا! پورے ہفتے ہم نے بہت مزہ کیا یہ سیکھتے ہوئے کہ اپنے انجن میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہوئے تیل کیسے ڈالا جائے، خدا کے کلام کو ماننے کے لئے اچھی پکڑ کے ساتھ ٹائر کیسے لگائے جائیں، دوسروں کی زندگیوں میں محبت سے دلچسپی لینے کے لئے اپی گاڑی میں اینٹی فریز کیسے ڈالا جائے، اور کیسے ہمیں کہیں بھی جانے کے لئے گیسولین کی طرح یسوع مسیح کی قوت درکار ہے۔ آج سب سے اچھا حصہ تھا: ہم نے سیکھا کہ یسوع مسیح ہمارا استاد ہے! ہم اسے آج قبول کرتے ہیں کہ وہ ہمارے دلوں میں آئے ہمری تمام زندگی ہمیں وہ چیزیں مہیا کرے، ہماری رہنمائی کرے، اور ہمیں اپنی نجات کا تحفہ بخشے تاکہ ہم ابدیت میں اسکے ساتھ جنت میں ہوں!ہم نے ایک ریس میں دوڑنا ہے؛ آئیں یسوع کے ساتھ خوب تیز چلیں!